Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 17 بدھ ، 30 ستمبر 2026ء ، 17 ربیع الثانی 1448ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 160

گیس کے یکساں ٹیرف پر کام شروع، سلیب سسٹم ختم

موجودہ 12 سلیب پر مشتمل گیس ٹیرف نظام ختم کرنے کی تجویز ہے، یکم جولائی 2027 سے سنگل گیس ٹیرف نافذ کرنے کی تجویز پر کام شروع کردیا گیا

پاکستان نے آئی ایم ایف سے کراس سبسڈی ختم کرنے کا وعدہ کر رکھا ہے، گیس سبسڈی کو کھپت کے بجائے آمدنی سے منسلک کرنے کی تجویز ہے، رپورٹ

وزیراعظم شہباز شریف لندن اسٹاک ایکسچینج میں ''مارکیٹ اوپن'' کی تقریب میں شریک ہیں

اسلام آباد (اے ایف پی) وزارت پیٹرولیم نے گیس کے یکساں ٹیرف پر کام شروع کردیا۔ یکساں ٹیرف کے نظام کی پالیسی کی منظوری آئی ایم ایف سے لی جائے گی۔ یکساں ٹیرف پالیسی کے نفاذ سے گیس سیکٹر میں سلیب سسٹم ختم ہو جائے گا۔ ذرائع کے مطابق موجودہ 12 سلیب پر مشتمل گیس ٹیرف نظام ختم کرنے کی تجویز ہے، یکم جولائی 2027 سے سنگل گیس ٹیرف نافذ کرنے کی تجویز پر کام (بقیہ نمبر 8)

کھلی فضا میں ڈرون اڑانے پر دفعہ 144 کے تحت پابندی عائد

ہالز، مارکیز میں چھوٹے ڈرون کے محدود استعمال کی اجازت

ڈرون کے محفوظ استعمال کیلئے ضلعی سطح پر ''سیف ڈرون یوزیج کمیٹی'' تشکیل دے دی

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ پنجاب نے صوبہ بھر میں کھلی فضا میں ڈرون اڑانے پر دفعہ 144 کے تحت 30 روز کیلئے پابندی عائد کردی ہے۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق حکومت پنجاب نے سیکورٹی خدشات کے پیش نظر ڈرون کے آٹ ڈور استعمال پر (بقیہ نمبر 9)

سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں: فتنہ الخوارج کے 7 دہشتگرد ہلاک

خیبر پختونخوا کے علاقے باڑہ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا گیا جس کے نتیجے میں فتنہ الخوارج کے 5 دہشتگرد ہلاک ہوگئے

راولپنڈی (اے ایف پی) خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں سیکورٹی فورسز کی کارروائیوں میں فتنہ الخوارج کے 7 دہشت گرد ہلاک ہوگئے، کئی ٹھکانے تباہ اور بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا ہے۔ (بقیہ نمبر 12)

ستھرا پنجاب پروگرام: قصور، فیصل آباد، اوکاڑا کے ایم ڈی عہدے سے فارغ

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا مختلف شہروں میں صفائی کی صورتحال سے متعلق شکایات پر برہمی کا اظہار

لاہور (اے ایف پی) صفائی کی ناقص صورتحال سے متعلق شکایات پر پنجاب حکومت نے قصور، فیصل آباد اور اوکاڑا کے مینجنگ ڈائریکٹرز (ایم ڈی) وعہدوں سے ہٹادیا، جبکہ ناقص کارکردگی پر ستھرا پنجاب سے ہٹائے (بقیہ نمبر 11)

حنا جاوید قتل کیس: پنجاب حکومت کی ہائی پاورڈ کمیٹی تشکیل

ہائی پاورڈ کمیٹی کیس کی تفتیش کا ازسرنو جائزہ لے گی اور رواں ہفتے راولپنڈی کا دورہ کریگی

راولپنڈی (این این آئی) پنجاب حکومت نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر حنا جاوید قتل کیس کی تحقیقات کیلئے ہائی پاورڈ کمیٹی قائم کردی۔ ذرائع کے مطابق کمیٹی کی سربراہی سی ڈی کے سربراہ سہیل ظفر چٹھہ کریں (بقیہ نمبر 10)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ستھرا پنجاب سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

افغانستان کے قابل قبول اور دوستانہ حل کیلئے مذاکرات کے حامی ہیں، عطا اللہ تارڑ

افغان امن عمل علاقائی ترقی کیلئے ناگزیر ہے، وفاقی وزیر اطلاعات

افغانستان میں امن سے خطے میں استحکام اور ترقی کے امکانات بڑھ سکتے ہیں، پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی ہر کوشش کا جواب دیا جائیگا، وزیراطلاعات

افغانستان میں دہشت گردوں اور کالعدم تنظیموں کے ارکان کی محفوظ پناہ گاہیں تشویش کا باعث ہیں، افغانستان میں پائیدار امن کے لیے عسکریت پسندانہ ذہنیت سے باہر نکلنا ہوگا، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ افغانستان میں امن سے خطے میں استحکام اور ترقی کے امکانات بڑھ سکتے ہیں، پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی ہر کوشش کا جواب دیا جائے گا، افغانستان میں دہشت گردوں اور کالعدم تنظیموں کے ارکان کی محفوظ پناہ گاہیں تشویش کا باعث ہیں، افغانستان میں پائیدار امن کے لیے عسکریت پسندانہ ذہنیت سے باہر نکلنا ہوگا۔ وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ نے اسلام آباد میں افغانستان کی صورتحال اور امن کی جانب پیش رفت کے موضوع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ افغانستان کی صورتحال ایک انتہائی پیچیدہ معاملہ ہے، دیرپا اور پائیدار حل کی ضرورت ہے، پاکستان امن، مذاکرات (بقیہ نمبر 20)

سرگودھا میں دل کے امراض کا عالمی دن منایا گیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں دل کے امراض کا عالمی دن منایا گیا جس میں گورنمنٹ نواز شریف انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں منعقدہ تقریب کے اختتام پر (بقیہ نمبر 14)

صحت مند دل، صحت مند پنجاب ہمارا عزم ہے، مریم نواز

دل کے امراض سے بچاؤ کیلئے احتیاط علاج سے بہتر ہے، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ صحت مند دل، صحت مند پنجاب ہمارا عزم ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے عالمی یوم قلب پر ڈاکٹرز، نرسز اور پیرا میڈیکل سٹاف کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ یوم قلب پر دل (بقیہ نمبر 13)

پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے چیئرمین شاہ عالم مارکیٹ بورڈ ممبر ایگزیکٹو کمیٹی لاہور چیمبر سید عظمت علی شاہ گورنر ہاؤس لاہور میں ملاقات کررہے ہیں

کھائی میں گرنے سے سکول وین کو آگ لگ گئی، 10 طلبہ زخمی

ڈپٹی کمشنر مری کی ہدایت پر ڈی ڈی ایم سی اور ریسکیو ٹیموں نے فوری کارروائی کرتے ہوئے آگ پر قابو پا کر بچوں کو ہسپتال منتقل کیا

ڈی سی مری کا اسپتال کا دورہ، زخمی بچوں کی عیادت؛ واقعے کی مکمل انکوائری اور ذمہ داران کے خلاف کارروائی کا حکم

مری (این ای این) مری کے علاقے بڑا ہوتر لنک روڈ، الوچ موڑ کے قریب سکول کے بچوں کو لے جانے والی سوزوکی بولان گاڑی سڑک سے نیچے جا گری اور آگ کی لپیٹ میں آ گئی، جس کے نتیجے میں 10 بچے زخمی ہوگئے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے ریسکیو 1122، متعلقہ انتظامیہ اور ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ کوآرڈینیٹر (DDMC) ہارون ظہور (بقیہ نمبر 4)

کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی کا ہولی فیملی ہسپتال کا دورہ

کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی نے مری میں سکول وین حادثے اور آتشزدگی کے واقعہ میں زخمی بچوں کی عیادت کی

حادثے میں زخمی دو بچوں کو مزید علاج کیلئے ہولی فیملی ہسپتال منتقل کردیا گیا، بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کی ہدایت

ہسپتال میں صفائی ستھرائی، ادویات کے سٹاک اور عملے کی حاضری کا جائزہ، مریضوں کو علاج میں کسی قسم کی دشواری برداشت نہیں کی جائے گی

راولپنڈی (این ای این) کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی نے مری میں سکول وین کو پیش آنے والے حادثے اور آتشزدگی کے واقعہ میں زخمی بچوں کی عیادت کے لیے ہولی فیملی ہسپتال کا دورہ کیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر سٹی ایمن ظفر، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ہولی فیملی ہسپتال اور متعلقہ محکموں کے افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی نے ہسپتال کے برن وارڈ کا تفصیلی (بقیہ نمبر 1)

تعلیمی نظام کی اصلاح ہماری اولین ترجیح ہے، خاقان وحید خواجہ

اقتدار میں آ کر بارہویں جماعت تک قرآن پاک کی تعلیم لازمی قرار دینگے، جدید علوم کے ساتھ قرآن پاک کا ترجمہ لازمی پڑھائیں گے

یوسی 26 کے وائس چیئرمین راجہ شفاقت اور صحافی ابرار مصطفیٰ کی پارٹی میں شمولیت، ایمبلمس اسکول اسٹیلائٹ ٹاؤن کا دورہ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ خاقان وحید خواجہ نے کہا ہے کہ برسراقتدار آ کر بارہویں جماعت تک قران پاک کی تعلیم کو لازمی قرار دیں گے اور اس میں ترجمہ سیکھنا بھی لازمی ہوگا۔ انہوں نے یہ باتیں پارٹی میں شمولیت کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہیں۔ اس تقریب میں یونین کونسل 26 کے وائس چیئرمین پمبر تڑاں راجہ شفاقت اور معروف صحافی ابرار مصطفیٰ (بقیہ نمبر 5)

تحریک انصاف کا 4 اکتوبر کو لانگ مارچ کرنے کا فیصلہ برقرار

ارکان اسمبلی کی جانب سے لانگ مارچ ملتوی کرنے کی تجویز وزیراعلیٰ نے مسترد کردی

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے 4 اکتوبر کو لانگ مارچ کرنے کا فیصلہ برقرار رکھتے ہوئے لانگ مارچ ملتوی کرنے کی تجویز مسترد کردی ہے۔ تفصیلات (بقیہ نمبر 26)

صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین، واسا پنجاب کے جاری منصوبوں پر بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

انکم ٹیکس ریٹرن جمع کرانے کی آخری تاریخ 30 ستمبر ہے، ایف بی آر

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے ٹیکس سال 2026 کے گوشوارے بروقت جمع کرانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ انکم ٹیکس ریٹرن جمع کرانے کی آخری تاریخ (بقیہ نمبر 16)

بجلی صارفین پر مزید بوجھ پڑنے کا امکان

فی یونٹ 1.73 روپے اضافے کی درخواست، سماعت مکمل

اسلام آباد (این این آئی) بجلی صارفین پر مزید بوجھ پڑنے کا امکان ہے، نیپرا نے فی یونٹ قیمت میں 1.73 روپے اضافے کی درخواست کردی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بجلی کے بھاری بل ادا کرنے والے صارفین پر مزید مالی بوجھ پڑنے کا امکان ہے، کیونکہ بجلی کی قیمت میں ایک روپے 73 پیسے فی یونٹ اضافے کی تجویز زیرغور ہے۔ نیپرا میں سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی کی جانب سے ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کی درخواست پر سماعت مکمل (بقیہ نمبر 15)

راجہ شفاقت وائس چیئرمین یونین کونسل پمبر تڑاں یوسی 26 اور معروف صحافی ابرار مصطفیٰ پاکستان عوامی قوت پارٹی میں شامل ہوگئے۔ اس موقع پر پارٹی کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ کے ہمراہ گروپ فوٹو

سی سی ڈی ٹیم پر فائرنگ، جوابی کارروائی میں شوٹر گینگ کا سرغنہ ہلاک

راولپنڈی (اے ایف پی) راولپنڈی میں سی سی ڈی کی کارروائی میں شوٹر گینگ کا سرغنہ ہلاک ہوگیا۔ سی سی ڈی حکام کے مطابق اٹک خورد کے علاقے رومیاں لنک روڈ پر سی سی ڈی ٹیم پر فائرنگ کا واقعہ پیش آیا، سی سی ڈی ٹیم پر خطرناک اجرتی قاتل کی جانب سے فائرنگ کی گئی جس پر اہلکاروں نے بھی بھرپور جوابی فائرنگ کی جس کے نتیجے میں شوٹر گینگ کا سرغنہ مارا گیا۔ حکام نے مزید بتایا کہ ہلاک ملزم (بقیہ نمبر 21)

بلوچستان کی پہلی ماس ٹرانزٹ میٹرو ٹرین سروس کا افتتاح

دشمن کی تمام سازشوں کو ناکام بنائیں گے اور بلوچستان کو ترقی دیں گے

کوئٹہ (این ین آئی) بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ کے شہریوں کے لیے جدید، محفوظ اور کم خرچ سفری سہولت کا منصوبہ عملی شکل اختیار کرگیا، سریاب سے کچلاک کے درمیان بلوچستان کی پہلی ماس ٹرانزٹ میٹرو ٹرین جناح پیپلز ٹرین سروس کا باقاعدہ آغاز (بقیہ نمبر 27)

بارش کے بعد سی ڈی اے اور ضلعی انتظامیہ کا متحرک آپریشن، نکاسی آب اور ٹریفک کی روانی بحال

فیلڈ ٹیموں نے بارش کے دوران نشیبی علاقوں اور اہم شاہراہوں پر ڈی واٹرنگ مشینری کے ذریعے پانی کی فوری نکاسی کو یقینی بنایا

ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکموں نے ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے فیلڈ میں موجود رہ کر آپریشنز کی خود نگرانی کی

اسلام آباد (این ای این) چیئرمین سی ڈی اے کے وژن اور ہدایات کے تحت وفاقی دارالحکومت میں علی الصبح ہونے والی بارش کے دوران اور بعد از بارش شہریوں کو بروقت ریلیف فراہم کرنے، نکاسی آب کو مؤثر بنانے اور ٹریفک کی روانی معمول کے مطابق برقرار رکھنے کے لیے سی ڈی اے سینیٹیشن ڈیپارٹمنٹ، ایمرجنسی اینڈ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اور ضلعی انتظامیہ کی مشترکہ ٹیمیں بھرپور انداز میں فیلڈ میں (بقیہ نمبر 2)

وفاق میں کے پی حکومت گرانے کی ہمت ہی نہیں

گورنر راج یا ایمرجنسی لگائی تو عوام بھرپور ردعمل دے گی، جنید اکبر

اسلام آباد (اے ایف پی) صدر پی ٹی آئی خیبر پختونخوا جنید اکبر نے کہا ہے کہ وفاق میں پی ٹی آئی کی حکومت گرانے کی ہمت ہی نہیں ہے، کے پی میں گورنر راج یا ایمرجنسی لگائی تو عوام بھرپور ردعمل دے گی۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ خیبر (بقیہ نمبر 22)

پٹرولیم لیوی 35 سے 40 روپے کم کرنے کا مطالبہ نہیں کیا

حافظ نعیم الرحمٰن سے منسوب لغویات پھیلائی جا رہی ہے، لیاقت بلوچ

لاہور (اے ایف پی) نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ خاص ایجنڈے کے تحت امیر جماعتِ اسلامی سے منسوب لغویات پھیلائی جارہی ہے۔ اپنے ایک بیان میں لیاقت بلوچ کا کہنا تھا کہ حافظ نعیم الرحمٰن نے پٹرولیم (بقیہ نمبر 23)

ایم ڈی ستھرا پنجاب کا راولپنڈی میں صفائی آپریشن کا دورہ، ورکرز میں عید اعزازیہ تقسیم

پاک سری لنکا سیریز، پنڈی سٹیڈیم اور انسدادِ سموگ کے لیے خصوصی صفائی اور روڈ واشنگ کی ہدایات

زیرو ویسٹ ہدف پر سختی سے عملدرآمد؛ صفائی کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، ایم ڈی ستھرا پنجاب

راولپنڈی (این ای این) ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی رانا ساجد صفدر نے 8 نمبر چونگی اور ملحقہ علاقوں کا دورہ کیا اور مختلف مقامات پر جاری صفائی آپریشن کا تفصیلی معائنہ کیا۔ انہوں نے فیلڈ میں صفائی کی صورتحال، کچرے کی بروقت منتقلی، ورکرز کی موجودگی اور صفائی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر رانا ساجد صفدر نے صفائی ورکرز میں عیدالاضحیٰ اعزازیہ کے چیک تقسیم کیے اور عید کے موقع پر شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لیے ان کی خدمات کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ صفائی ورکرز ادارے کی کارکردگی میں بنیادی (بقیہ نمبر 6)

خیبرپختونخوا کے ضلع بنوں سے پولیو کا نیا کیس رپورٹ

رواں سال رپورٹ ہونے والے کیسز کی تعداد چار ہوگئی، قومی ادارہ صحت اسلام آباد

اسلام آباد / بنوں (این این آئی) قومی ادارہ صحت اسلام آباد نے پولیو وائرس کی تصدیق کی ہے۔ تفصیلات کیمطابق بنوں کی تحصیل ڈومیل کی یونین کونسل خندر خان خیل کی 17 ماہ کی بچی پولیو سے متاثر ہوئی ہے، رواں سال خیبر پختونخوا سے رپورٹ ہونے والا یہ پولیو کا چوتھا کیس ہے۔ اس سے پہلے ضلع بنوں سے دو اور شمالی وزیرستان سے ایک پولیو کیس رپورٹ (بقیہ نمبر 17)

غربت یا اولاد سے تنگ عمر رسیدہ جوڑے نے نہر میں چھلانگ لگا دی

بہاولپور (این این آئی) غربت یا اولاد سے تنگ عمر رسیدہ جوڑے نے نہر میں چھلانگ لگا دی، شوہر ڈوب گیا، جب کہ بیوی کو زندہ نکال لیا گیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق بہاولپور کی مہاجر کالونی سے تعلق رکھنے والے عمر رسیدہ جوڑے نے ششماہی نہر میں (بقیہ نمبر 18)

شکارپور، نامعلوم افراد کی فائرنگ، باپ اور 6 سالہ بیٹا جاں بحق

شکارپور (این این آئی) علاقہ 82 لاڑو کے مقام پر نامعلوم افراد نے موٹر سائیکل سوار باپ اور بیٹے پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں 55 سالہ غلام حسین اپنے 6 سالہ بیٹے عبدالستار سمیت جاں بحق ہوگیا۔ واقعہ کے بعد ملزمان فرار ہوگئے، پولیس نے لاشیں ہسپتال منتقل کر دیں۔ پولیس کے مطابق (بقیہ نمبر 19)

لاہور: وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر یو ای ٹی لاہور میں تعمیر نو کے بعد علی مردان ہال کا افتتاح کر رہے ہیں

صوبائی وزیر پیر محمد مشاء اللہ بٹ محنت کشوں میں ویلفیئر گرانٹس کے چیک تقسیم کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں، وفاقی وزیر رانا تنویر حسن اسٹیج پر بیٹھے ہیں

کالعدم ٹی ٹی پی کا انتہائی خطرناک دہشت گرد گرفتار

ساہیوال (اے ایف پی) ساہیوال میں سی ٹی ڈی نے دہشت گردی کا منصوبہ ناکام بناتے ہوئے کالعدم ٹی ٹی پی (فتنہ الخوارج) سے تعلق رکھنے والے انتہائی خطرناک دہشت گرد کو گرفتار کر لیا۔ تفصیل کے مطابق کاؤنٹر ٹیرازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی (بقیہ نمبر 29)

اے این ایف کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن

4 ملزمان گرفتار، 167 کلوگرام سے زائد منشیات برآمد کی گئی، ترجمان

راولپنڈی (اے ایف پی) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے تعلیمی اداروں کے اطراف اور ملک کے مختلف شہروں میں منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 6 کارروائیوں میں 4 ملزمان کو گرفتار کرلیا اور ایک کروڑ 80 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی 167.1 کلوگرام منشیات برآمد کی گئی۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق ٹنڈو جام میں حیدرآباد یونیورسٹی کے قریب موٹر سائیکل سوار ملزم سے ایک کلوگرام آئس برآمد (بقیہ نمبر 28)

چوآسیدن شاہ سوختہ لکڑی ڈپو ہولڈرز کا 8 کلومیٹر شق سے استثنیٰ کا مطالبہ

پرامن احتجاج، منتقلی ہوئی تو ہمارے سمیت کئی مزدور خاندانوں کے گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑنے کا خدشہ

سیکرٹری فاریسٹ، چیف کنزرویٹر راولپنڈی، ڈی ایف او چکوال، ڈی سی اور اے سی سے زمینی حقائق مدنظر رکھنے کی اپیل

چوآسیدن شاہ (خاور شہزاد) چوآسیدن شاہ کے سوختہ لکڑی ڈپو پرمٹ ہولڈرز نے سرکاری جنگلات کی حدود سے 8 کلومیٹر دور ڈپو منتقل کرنے سے متعلق مجوزہ شق کے خلاف پُرامن احتجاج ریکارڈ کراتے ہوئے میڈیا سے گفتگو میں سیکرٹری فاریسٹ، وائلڈ لائف اینڈ فشریز پنجاب، چیف کنزرویٹر فاریسٹ راولپنڈی، ڈی ایف او چکوال، ڈپٹی کمشنر چکوال، اسسٹنٹ کمشنر چوآسیدن شاہ سمیت محکمہ جنگلات پنجاب کے اعلیٰ حکام ومتعلقہ افسران سے اپیل کی ہے کہ چوآسیدن شاہ کے مخصوص جغرافیائی، معاشی اور کاروباری حالات کو مدنظر (بقیہ نمبر 3)

چوآسیدن شاہ کے سوختہ لکڑی ڈپو پرمٹ ہولڈرز مطالبات کے حق میں احتجاج کر رہے ہیں

صومالیہ میں بحری جہاز کے اغوا کو 165 دن گزر گئے

یرغمال پاکستانیوں کی نئی تصاویر سامنے آ گئیں، ہنگامی اقدامات کرنے کا مطالبہ

کراچی (اے ایف پی) صومالیہ میں بحری جہاز کے اغوا کو 165 دن گزر گئے، جبکہ جہاز میں یرغمال بنائے گئے 10 پاکستانی ملاحوں کی نئی تصاویر سامنے آ گئی ہیں۔ اس صورتحال کے بعد کراچی میں مغویوں کے اہل خانہ نے ایک بار پھر حکومت سے اپنے (بقیہ نمبر 24)

پنجاب میں ستمبر کے دوران ڈینگی کے 57 کیسز رپورٹ

چکوال، ملتان اور رحیم یار خان میں ڈینگی کے 3، 3 کیسز رپورٹ ہوئے

لاہور / راولپنڈی (این این آئی) پنجاب میں یکم ستمبر 2026 سے اب تک ڈینگی کے 57 کنفرم کیسز رپورٹ ہوئے ہیں، جن میں سب سے زیادہ کیسز راولپنڈی میں سامنے آئے ہیں۔ اعداد و شمار کے مطابق راولپنڈی میں ڈینگی کے 22 کیسز رپورٹ (بقیہ نمبر 25)

چوآسیدن شاہ نادرا آفس میں عملے کی شدید کمی، بزرگ شہری خوار

عملے کے دو اہلکاروں کی دوسری جگہوں پر ڈیوٹی اور ایک کے رخصت پر ہونے کے باعث سائلین کے کام کی رفتار سست روی کا شکار

چیئرمین نادرا، ڈائریکٹر، اسسٹنٹ ڈائریکٹر، ڈی سی چکوال اور اے سی چوآسیدن شاہ فوری نوٹس لیں، عملے کی کمی دور کرنے کا عوامی مطالبہ

چوآسیدن شاہ (خاور شہزاد) نادرا آفس میں عملے کی کمی کے باعث شہریوں کو مبینہ طور پر مشکلات کا سامنا ہے، بالخصوص عمر رسیدہ مرد و خواتین کڑکتی دھوپ میں مین روڈ پر گھنٹوں انتظار کرنے پر مجبور دکھائی دیے۔ ذرائع کے مطابق چوآسیدن شاہ نادرا آفس کے عملے میں سے دو اہلکاروں کی ڈیوٹی نادرا کاؤنٹر ڈنڈوت اور نادرا کاؤنٹر بشارت پر لگا دی گئی ہے، جبکہ ایک اہلکار کے میڈیکل لیو پر ہونے کے باعث دستیاب عملہ مزید محدود ہوگیا ہے، جس کے باعث شہریوں کے کام کی رفتار سست (بقیہ نمبر 7)

نادرا آفس میں عملے کی کمی کے باعث شہری شدید مشکلات کا شکار ہیں

Email- info@awamilalkaar.com
MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم



تحریر
محمد طارق اسمٰعیل

اشاعت خاص

مجید امجد: تنہائی سے کائنات تک پھیلی ہوئی شاعری

آرٹس کونسل ساہیوال میں شاعرِ ساہیوال کی شخصیت، فکر اور فن پر یادگار ادبی نشست

ایک ایسا شاعر جس نے شہر کے پھیلاؤ میں درختوں کا دکھ، تنہائی میں انسان کا کرب اور فطرت میں زندگی کا آفاقی حسن تلاش کیا

شاعری اگر محض لفظوں کی ترتیب نہیں بلکہ اپنے عہد کے باطن کو پڑھنے کا نام ہے تو مجید امجد اس فن کے ان شاعروں میں شمار ہوتے ہیں جنہوں نے اپنے زمانے کو صرف دیکھا نہیں، اسے اندر تک محسوس کیا۔ انہوں نے شہر کی گلیوں، درختوں، موسموں، انسانوں، رشتوں، محرومیوں، وقت کے گزرنے اور تنہائی کے طویل سائے میں زندگی کے ایسے معنی تلاش کیے جو ایک عہد کی حدود سے نکل کر انسانی تجربے کا حصہ بن گئے۔

مجید امجد کو یاد کرنا دراصل ایک ایسے شاعر سے مکالمہ کرنا ہے جس کی شاعری میں انسان اور کائنات کے درمیان ایک خاموش مگر گہرا رشتہ موجود ہے۔ یہی احساس پنجاب کونسل آف دی آرٹس ساہیوال ڈویژن کے زیرِ اہتمام منعقدہ ایک خوبصورت ادبی نشست میں پوری شدت سے محسوس کیا گیا، جہاں شہر کے اہلِ قلم، دانشوروں اور ادب دوست شخصیات نے مجید امجد کی شخصیت، فکر اور فن کے مختلف پہلوؤں پر گفتگو کی۔

نشست کی صدارت معروف ادیب و دانشور پروفیسر سید ریاض حسین زیدی نے کی، جبکہ مختلف مقررین نے مجید امجد کے فنی سفر، شعری اسلوب، داخلی کرب، فطرت سے وابستگی، سماجی شعور اور آفاقی فکر کو اپنے اپنے زاویۂ نظر سے بیان کیا۔

مجید امجد: ایک شہر، ایک تنہائی اور ایک پوری کائنات

مجید امجد کی شاعری میں تنہائی ایک معمولی یا محض ذاتی تجربہ نہیں۔ یہ ایک حساس انسان کی وہ کیفیت ہے جس میں وہ اپنے گرد و پیش کو دوسروں سے زیادہ شدت کے ساتھ محسوس کرتا ہے۔ شاید یہی وجہ ہے کہ ان کے ہاں تنہائی کے ساتھ پورا معاشرہ، پورا شہر اور پوری انسانی زندگی سانس لیتی محسوس ہوتی ہے۔

ڈائریکٹر آرٹس کونسل ساہیوال محمد طارق اسماعیل نے اسی داخلی پہلو کو اپنی گفتگو کا مرکز بنایا۔ انہوں نے مجید امجد کی شاعری میں تنہائی کے احساس کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ ان کی تنہائی محض ذاتی کیفیت نہیں بلکہ اپنے عہد، معاشرے اور انسان کے دکھ کو محسوس کرنے والی ایک حساس روح کی تنہائی ہے۔ ان کی شاعری میں زندگی کے تلخ حقائق کے ساتھ انسانی احساس کی حرارت بھی موجود ہے۔

یہ تنہائی دراصل مجید امجد کی قوتِ مشاہدہ کا دوسرا نام بھی ہے۔ وہ جس قدر باہر کی دنیا کو دیکھتے ہیں، اتنا ہی اپنے اندر اترتے ہیں۔ اسی لیے ان کی شاعری میں خارجی منظر اور داخلی کیفیت ایک دوسرے سے جدا نہیں رہتے۔

مجید امجد: تنہائی سے کائنات تک پھیلی ہوئی شاعری

''توسیعِ شہر'' ترقی کے بیچ فطرت کا سوال

مجید امجد کی شاعری کا ایک اہم امتیاز یہ ہے کہ انہوں نے اپنے عہد کے ان سوالات کو بھی محسوس کیا جو بعد کے زمانوں میں زیادہ شدت کے ساتھ ہمارے سامنے آئے۔ ان کی نظم ''توسیعِ شہر'' اسی حوالے سے ایک غیر معمولی شعری دستاویز محسوس ہوتی ہے۔

ڈاکٹر ریاض ہمدانی نے مجید امجد کے اسی آفاقی شعری پیغام کو اپنی گفتگو کا موضوع بناتے ہوئے ''توسیعِ شہر'' کے حوالے سے کہا کہ مجید امجد نے شہری پھیلاؤ اور ترقی کے عمل کے ساتھ پیدا ہونے والے ماحولیاتی مسائل اور انسان و فطرت کے تعلق کی اہمیت کو بہت پہلے محسوس کر لیا تھا۔

ان کے مطابق مجید امجد کا شعری شعور یہ سوال اٹھاتا ہے کہ اگر شہر پھیلتے جائیں اور ترقی کی رفتار بڑھتی جائے تو اس سفر میں انسان کا فطرت سے تعلق کہاں باقی رہتا ہے؟ ترقی ناگزیر ہو سکتی ہے، مگر کیا ترقی کا مطلب درختوں، کھلی فضا، قدرتی حسن اور انسانی زندگی کے فطری توازن کی قربانی ہے؟

''توسیعِ شہر'' کو آج کے تناظر میں پڑھیں تو یہ نظم محض ایک شہر کے پھیلاؤ کی داستان نہیں رہتی بلکہ شہری ترقی، ماحولیاتی تحفظ اور انسان و فطرت کے تعلق کے بارے میں ایک گہرا سوال بن جاتی ہے۔ مجید امجد جیسے شاعر کی بصیرت یہی تھی کہ وہ اپنے زمانے میں ان تبدیلیوں کی چاپ سن لیتے تھے جن کے اثرات آنے والی نسلوں کو محسوس کرنا تھے۔

شاعرِ ساہیوال کی شخصیت، فکر اور فن پر یادگار ادبی نشست

مجید امجد: ایک شہر، ایک تنہائی اور ایک پوری کائنات

شاعر جس نے فطرت کو محض منظر نہیں سمجھا

مجید امجد کے ہاں فطرت پس منظر میں کھڑی کوئی خاموش تصویر نہیں۔ درخت، پرندے، موسم، زمین، راستے اور شہر سب ایک زندہ کائنات کے کردار ہیں۔ ان کی شاعری میں فطرت انسان سے الگ نہیں بلکہ اس کے وجود کا حصہ ہے۔

یہی وجہ ہے کہ ان کی شاعری کو محض رومانوی یا جمالیاتی سطح پر پڑھنا شاید ان کے فکری کینوس کو محدود کر دینا ہے۔ ان کے ہاں فطرت کے حسن کے ساتھ اس کے تحفظ کا احساس بھی ہے، اور انسان کے دکھ کے ساتھ اس کے سماجی پس منظر کا شعور بھی۔

''توسیعِ شہر'' ترقی کے بیچ فطرت کا سوال

نظم کو نئی فکری وسعت دینے والا شاعر

پروفیسر سید ریاض حسین زیدی نے مجید امجد کے فنی سفر اور ادبی خدمات پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے زندگی، انسان، فطرت اور معاشرتی رویوں کو منفرد شعری بصیرت کے ساتھ پیش کیا۔ ان کی شاعری اپنے عہد کے مسائل کی عکاسی کے ساتھ انسانی احساسات کی گہری ترجمانی بھی کرتی ہے۔

ڈاکٹر افتخار شفیع نے مجید امجد کے ادبی سفر اور شخصیت کو نہایت دلنشیں انداز میں بیان کیا۔ انہوں نے اردو نظم کے لیے مجید امجد کی خدمات، نئے موضوعات اور نئے فکری زاویوں کو اجاگر کرتے ہوئے ان کی شاعری میں موجود وسیع مشاہدے اور گہرے احساس کو نمایاں کیا۔

ڈاکٹر ندیم اشرف نے مجید امجد کی شخصیت اور شاعری پر مدلل گفتگو کرتے ہوئے ان کے فکری و فنی مقام کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ان کی نظموں کے مختلف موضوعات اور منفرد طرزِ اظہار پر روشنی ڈالی اور اس بات کی طرف توجہ دلائی کہ مجید امجد کی شاعری کو ہر عہد اپنے نئے سوالات کے ساتھ دوبارہ پڑھ سکتا ہے۔

واصف سجاد نے مجید امجد کی شخصیت اور شاعری کے مختلف پہلوؤں پر گفتگو کرتے ہوئے ان کے منفرد شعری اسلوب، فکری گہرائی اور اظہار کی ندرت کو اجاگر کیا۔ ان کی گفتگو میں مجید امجد کے اس شعری مزاج کی جھلک نمایاں تھی جو معمولی نظر آنے والے مناظر میں بھی غیر معمولی معنویت تلاش کرتا ہے۔

ایک نظم، جس میں کئی عنوانات سمٹ آئے

مجید امجد: ایک شخص سے بڑھ کر ایک شعری حوالہ

مجید امجد: ایک شخص سے بڑھ کر ایک شعری حوالہ

مجید امجد کی شخصیت پر گفتگو کرتے ہوئے ایک بنیادی سوال سامنے آتا ہے کہ آخر ایک شاعر اپنے عہد سے اتنا آگے کیسے دیکھ لیتا ہے؟ شاید اس کا جواب ان کی حساسیت میں پوشیدہ ہے۔ وہ انسان کے دکھ کو محض ایک واقعہ نہیں سمجھتے بلکہ اسے تہذیب، معاشرے اور وقت کے وسیع تناظر میں دیکھتے ہیں۔ ان کے ہاں گزرتا ہوا وقت صرف گھڑی کی سوئیوں کی حرکت نہیں بلکہ انسانی وجود کے بدلتے ہوئے معنوں کی داستان ہے۔

ان کی شاعری میں ایک طرف فرد کی تنہائی ہے تو دوسری طرف ہجوم میں گم ہوتا ہوا انسان۔ ایک طرف شہر کی وسعت ہے تو دوسری طرف سکڑتی ہوئی فطرت۔ ایک طرف ترقی کا خواب ہے تو دوسری طرف اس خواب کی قیمت کا سوال۔ یہی تضادات مجید امجد کو محض ایک شاعر نہیں رہنے دیتے بلکہ انہیں ایک فکری شاعر بنا دیتے ہیں۔

ایک نظم، جس میں کئی عنوانات سمٹ آئے

مہمانِ اعزاز پروفیسر اکرم ناصر نے مجید امجد کے ادبی سفر اور شاعری کے مختلف موضوعات پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے مجید امجد پر لکھی گئی اپنی ایک خوبصورت نظم بھی پیش کی۔ اس نظم میں مجید امجد کی شاعری کے مختلف عنوانات اور فکری جہات کو نہایت خوبصورتی سے سمیٹا گیا تھا۔

یہ لمحہ محفل کے لیے خاص اہمیت رکھتا تھا، کیونکہ ایک شاعر کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لیے ایک دوسرے شاعر کی زبان استعمال ہوئی اور یوں مجید امجد کی شاعری پر ہونے والی گفتگو خود شاعری کی صورت اختیار کر گئی۔

نظم کو نئی فکری وسعت دینے والا شاعر

جب مجید امجد کی نظم محفل میں گونجی

ادبی نشست میں مہر علی نے مجید امجد کی نظم ''تحت اللفظ'' پیش کی۔ نظم کی پیشکش نے محفل کے فکری مباحث کو ایک صوتی اور جذباتی کیفیت عطا کی۔ یوں مجید امجد کے بارے میں گفتگو صرف سنی نہیں گئی بلکہ ان کا کلام براہِ راست سامعین تک پہنچا۔

اختر خان نے بھی مجید امجد کی شخصیت اور شاعری کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا اور شاعر کے فکری و ادبی مقام کو اجاگر کیا۔

نشست کی نظامت اور کمپیئرنگ عاصم اسلم نے انجام دی۔ انہوں نے محفل کے مختلف حصوں کو مربوط رکھا اور مقررین کو گفتگو کے لیے مدعو کرتے ہوئے نشست کے ادبی تسلسل کو برقرار رکھا۔

جب مجید امجد کی نظم محفل میں گونجی

مجید امجد کو یاد کرنا، اپنے عہد کو پڑھنا ہے

مجید امجد کی شاعری کا سب سے خوبصورت پہلو شاید یہی ہے کہ وہ ہمیں ماضی کی طرف لے جاتے ہوئے حال کے سوالات سے دوچار کر دیتی ہے۔ ان کی نظموں میں شہر موجود ہے تو آج کا بڑھتا ہوا شہر بھی دکھائی دیتا ہے؛ درخت موجود ہیں تو آج کے کم ہوتے درختوں کا دکھ بھی محسوس ہوتا ہے؛ تنہائی موجود ہے تو آج کے ہجوم میں بڑھتی ہوئی تنہائی بھی اپنا چہرہ دکھاتی ہے۔

وہ انسان کے بارے میں لکھتے ہیں تو سوال صرف ایک فرد کا نہیں رہتا۔ وہ شہر کے بارے میں لکھتے ہیں تو سوال صرف ایک شہر کا نہیں رہتا۔ وہ فطرت کو دیکھتے ہیں تو پوری کائنات ان کے شعری منظرنامے میں شامل ہو جاتی ہے۔

اسی لیے مجید امجد کی شاعری کو کسی ایک زمانے میں قید نہیں کیا جا سکتا۔

ان کا اصل کمال شاید یہی ہے کہ انہوں نے اپنے عہد کے دکھ کو اس طرح محسوس کیا کہ وہ آنے والے عہد کا سوال بن گیا۔

آرٹس کونسل ساہیوال میں منعقدہ یہ ادبی نشست اسی شعری میراث سے دوبارہ مکالمے کی ایک خوبصورت کوشش تھی۔ محفل میں مجید امجد کو یاد کرتے ہوئے دراصل اس انسان کو یاد کیا گیا جو شہر کی وسعت میں فطرت کی آواز سنتا تھا، تنہائی میں انسانی کرب محسوس کرتا تھا اور معمولی سے منظر میں بھی زندگی کی ایک بڑی معنویت تلاش کر لیتا تھا۔

مجید امجد کی شاعری آج بھی اسی لیے زندہ ہے کہ وہ ہمیں صرف شعر نہیں دیتی، سوال دیتی ہے؛ صرف منظر نہیں دیتی، بصیرت دیتی ہے؛ اور صرف اپنے عہد کی تصویر نہیں دکھاتی بلکہ ہمیں اپنے عہد کو نئے سرے سے دیکھنے پر مجبور کرتی ہے۔

مجید امجد کو یاد کرنا، اپنے عہد کو پڑھنا ہے

بقیہ 1

معائنہ کیا اور مری کے حادثے میں زخمی ہونے والے بچوں کی عیادت کی۔ حادثے میں زخمی ہونے والے دو بچوں کو مزید علاج اور طبی سہولیات کے لیے ہولی فیملی ہسپتال منتقل کیا گیا ہے۔ کمشنر سلمان غنی نے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ہولی فیملی ہسپتال کو ہدایت کی کہ زخمی بچوں کے علاج معالجے میں کسی قسم کی غفلت نہ برتی جائے اور انہیں بہترین ممکنہ طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔ انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ بچوں کی حالت کی مسلسل نگرانی کی جائے اور ضرورت کے مطابق ماہر ڈاکٹرز کی خدمات بھی یقینی بنائی جائیں۔ کمشنر سلمان غنی نے ہولی فیملی ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا بھی معائنہ کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ کمشنر نے ہسپتال میں صفائی ستھرائی کی صورتحال، ادویات کے سٹاک، طبی سہولیات اور عملے کی حاضری کا بھی معائنہ کیا۔ کمشنر راولپنڈی نے ہسپتال انتظامیہ کو صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنانے اور تمام ضروری ادویات کی دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔م۔ کمشنر راولپنڈی ڈویژن نے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں میں آنے والے مریضوں کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ ڈاکٹرز، نرسنگ اور دیگر طبی عملے کی حاضری یقینی بنائی جائے اور مریضوں کو علاج معالجے کے حوالے سے کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ کمشنر سلمان غنی نے کہا کہ مری میں پیش آنے والے افسوسناک حادثے کے زخمی بچوں کو علاج معالجے کی تمام ضروری سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 2

متحرک رہیں۔ بارش کے دوران اور بعداز بارش شہر کے مختلف علاقوں، اہم شاہراہوں، انٹرچینجز، انڈر پاسز اور نشیبی مقامات کی مسلسل نگرانی کی گئی، جبکہ بارش کے پانی کی فوری نکاسی اور شہریوں کو درپیش ممکنہ مشکلات کے بروقت ازالے کے لیے موقع پر فوری اقدامات کیے گئے۔ متعلقہ افسران اور فیلڈ ٹیموں نے نکاسی آب آپریشن، تعینات افرادی قوت، ڈی واٹرنگ مشینری اور دیگر انتظامات کی مسلسل نگرانی کی۔ پانی کے فوری اخراج کے لیے خصوصی ڈی واٹرنگ ٹیمیں اور مشینری حساس اور نشیبی علاقوں میں تعینات رہیں، جس کے باعث پانی جمع ہونے کی صورت میں فوری کارروائی عمل میں لائی گئی۔ خصوصاً سیکٹر ای الیون سمیت دیگر حساس علاقوں میں بارش کے دوران اور بعد از بارش صورتحال کی مسلسل نگرانی کی جاتی رہی۔ شہریوں کی سہولت، محفوظ آمدورفت اور ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے متعلقہ ٹیمیں موقع پر موجود رہیں اور نکاسی آب کے کاموں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا گیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) اسلام آباد اور تمام متعلقہ اسسٹنٹ کمشنرز بھی اپنے اپنے متعلقہ علاقوں میں فیلڈ میں موجود رہے اور زمینی صورتحال کی براہ راست نگرانی کرتے رہے۔ ضلعی انتظامیہ کے افسران نے متعلقہ اداروں اور فیلڈ ٹیموں کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہتے ہوئے نکاسی آب، ٹریفک کی روانی اور شہریوں کو درپیش مسائل کے فوری ازالے کے لیے اقدامات کی نگرانی کی۔ سی ڈی اے، ایم سی آئی، ایمرجنسی اینڈ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اور ضلعی انتظامیہ کی ٹیموں نے باہمی رابطے اور مکمل کوآرڈینیشن کے ساتھ فیلڈ میں کام کیا۔ نالوں، ڈرینز اور پانی کے قدرتی گزرگاہوں میں حائل رکاوٹوں کو فوری طور پر دور کیا گیا تاکہ بارش کے پانی کے بہاؤ میں کسی قسم کی رکاوٹ پیدا نہ ہو اور شہریوں کو کم سے کم مشکلات کا سامنا کرنا پڑے۔ سی ڈی اے سینیٹیشن ڈیپارٹمنٹ کی فیلڈ ٹیموں کی انتھک محنت اور بروقت کارروائی کو خصوصی طور پر سراہا گیا، جنہوں نے بارش کے دوران اور بعد از بارش شہر کے مختلف علاقوں میں کلیئرنگ، ڈی واٹرنگ اور نکاسی آب کے آپریشنز کو بھرپور محنت اور ذمہ داری کے ساتھ انجام دیا۔ فیلڈ اسٹاف نے مسلسل بارش کے باوجود حساس مقامات پر موجود رہتے ہوئے پانی کے فوری اخراج، سڑکوں اور دیگر اہم مقامات کی کلیئرنگ اور شہریوں کے لیے محفوظ آمدورفت یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ انتظامیہ کی جانب سے واضح کیا گیا کہ بارش کے دوران اور بعد میں شہریوں کو زیادہ سے زیادہ سہولت فراہم کرنا، بارش کے پانی کی بروقت نکاسی، محفوظ آمدورفت اور ٹریفک کی روانی برقرار رکھنا اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ کسی بھی ممکنہ ہنگامی صورتحال سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے لیے تمام دستیاب وسائل، افرادی قوت اور مشینری کو بروئے کار لایا گیا۔ شہریوں کی جانب سے موصول ہونے والی شکایات اور پانی جمع ہونے کی اطلاعات پر فوری کارروائی کے لیے متعلقہ ٹیموں کو موقع پر پہنچنے کی ہدایات بھی جاری کی گئیں، جبکہ بارش کے دوران اور بعداز بارش صورتحال کی مسلسل مانیٹرنگ جاری رکھی گئی تاکہ کسی بھی ممکنہ مسئلے کا بروقت تدارک یقینی بنایا جا سکے۔ سی ڈی اے نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ بارش کے دوران اور بعد میں نکاسی آب یا کسی بھی ہنگامی صورتحال سے متعلق شکایات کے لیے شہری سی ڈی اے ہیلپ لائن 1334 اور ایمرجنسی نمبر 16 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ سی ڈی اے، ایم سی آئی اور ضلعی انتظامیہ کی ٹیمیں بارش کے دوران اور بعداز بارش صورتحال کی مسلسل نگرانی کر رہی ہیں اور شہریوں کو بروقت ریلیف فراہم کرنے، مؤثر نکاسی آب، محفوظ آمدورفت اور معمولات زندگی وٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری رکھے ہوئے ہیں۔ سی ڈی اے اس عزم کا اعادہ کرتا ہے کہ اسلام آباد کو صاف، سرسبز، خوبصورت اور شہریوں کے لیے مزید بہتر اور محفوظ شہر بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور اس مقصد کے حصول میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی۔

بقیہ 3

رکھتے ہوئے مذکورہ شق میں مناسب استثنیٰ یا قابلِ عمل متبادل فراہم کیا جائے۔ ڈپو ہولڈرز کے مطابق وہ 1985ء سے چوآ سیدن شاہ میں اس کاروبار سے وابستہ ہیں اور ان کے ڈپو میونسپل کمیٹی کی حدود میں قائم ہیں، جبکہ مائننگ ایریا میں استعمال ہونے والی سفیدہ کی لکڑی وہ میانوالی، خوشاب، سرگودھا اور دیگر علاقوں سے خرید کر لاتے ہیں اور مائنز کی طلب کے مطابق اسے مطلوبہ سائز میں تیار کرکے فراہم کرتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ چوآ سیدن شاہ کے سرکاری جنگلات میں بنیادی طور پر کھوار پھلاہی کے درخت پائے جاتے ہیں، جنہیں وہ نہ خریدتے ہیں اور نہ فروخت کرتے ہیں، جبکہ ان کے مطابق ڈپو کا کاروباری نظام سرکاری جنگلات سے لکڑی کے حصول پر مبنی نہیں۔ ڈپو ہولڈرز نے مؤقف اختیار کیا کہ تحصیل کا بیشتر رقبہ پہاڑی ہے اور شہر سمیت متعدد آبادیاں سرکاری جنگلات سے متصل ہیں، اس لیے تمام ڈپو کو یکساں طور پر 8 کلومیٹر دور منتقل کرنے کی صورت میں انہیں شدید معاشی مشکلات کا سامنا ہو سکتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ صرف ہمارے کاروبار کا نہیں بلکہ ہمارے بیوی بچوں کی روزی روٹی کا سوال ہے، اگر ڈپو منتقل ہوئے تو ہمارے ساتھ وابستہ کئی مزدوروں اور ان کے خاندانوں کے گھروں کے چولہے بھی ٹھنڈے پڑنے کا خدشہ ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ معاملے کے قانونی تقاضوں، زمینی حقائق اور ڈپو ہولڈرز کے موجودہ کاروباری نظام کی روشنی میں جائزہ لیا جائے اور قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے میونسپل حدود چوآ سیدن شاہ میں قائم ڈپو ہولڈرز کے لیے مناسب استثنیٰ یا کوئی قابل عمل حل نکالا جائے۔ ڈپو ہولڈرز نے مزید بتایا کہ مذکورہ معاملے کے حوالے سے وہ عدالت سے حکم امتناع بھی حاصل کر چکے ہیں، جبکہ اپنے مطالبات اور استثنیٰ کی درخواست سے متعلق سیکرٹری فاریسٹ پنجاب کو تحریری درخواست بھی پیش کی گئی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ محکمہ جنگلات کے تمام قانونی تقاضوں اور ضوابط کی پابندی کے لیے تیار ہیں اور متعلقہ حکام سے اپیل کرتے ہیں کہ عدالتی معاملے اور ان کی تحریری درخواست سمیت تمام متعلقہ پہلوؤں کا جائزہ لے کر ان کے روزگار اور مقامی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے قانون کے دائرے میں قابلِ عمل حل نکالا جائے

بقیہ 4

عباسی کو فوری طور پر موقع پر اور ہسپتال پہنچنے اور امدادی کارروائیاں تیز کرنے کی ہدایت کی۔ واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر مری کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ کوآرڈینیٹر (DDMC) فوری طور پر ہسپتال پہنچے اور تمام امدادی کارروائیوں، زخمی بچوں کے علاج معالجے اور انتظامی امور کی خود نگرانی کی۔ ریسکیو اہلکاروں نے موقع پر پہنچ کر زخمی بچوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی اور سول ہسپتال منتقل کر دیا۔ ریسکیو اہلکاروں نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے گاڑی میں لگی آگ پر قابو پالیا، جبکہ کولنگ کا عمل بھی مکمل کر لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے ٹی ایچ کیو ہسپتال مری کا دورہ کیا، بچوں کی عیادت کی اور علاج معالجے کی سہولیات کا جائزہ لیا۔ ڈی سی مری نے ہسپتال انتظامیہ کو بچوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ "بچوں کی صحت و سلامتی ہماری اولین ترجیح ہے۔ واقعے کی مکمل انکوائری کرکے ذمہ داران کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور بچوں کی بہترین نگہداشت کو یقینی بنایا جائے گا

بقیہ 5

نے پارٹی میں شمولیت کی۔ اس موقع پر مختلف وفود نے بھی چیئرمین سے ملاقات کی۔ جن میں توقیر آصف راجہ اور امجد علوی کی قیادت میں وفد بھی شامل تھا۔ جبکہ ایمبلمس ہائر سیکنڈری سکول سلائٹ ٹاؤن میں پرنسپل کرنل ریٹائرڈ مرتضیٰ علی شاہ کی دعوت پر انہوں نے سکول کا دورہ بھی کیا۔ پارٹی میں شامل ہونے والے ابرار مصطفیٰ اور راجہ شفاقت نے کہا کہ ہم پارٹی کی پالیسیوں۔ بیانیے اور منشور کو دیکھ کر شامل ہوئے ہیں اور ہم اس میں اپنا حصہ ادا کریں گے۔ جبکہ ایمبلمس سکول کے دورے کے دوران ماہر تعلیم۔ محقق اور دانشور کرنل ریٹائرڈ مرتضیٰ علی شاہ نے چیئرمین پارٹی کو سکول کے سلیبس۔ ماحول اور درس و تدریس سے متعلق بریفنگ بھی دی۔ چیئرمین پاکستان عوامی قوت پارٹی خاقان وحید خواجہ نے اس موقع پر کہا کہ ہم وہ تعلیم کا نظام دیں گے جو سب کے لیے آسان ہوگا۔ جدید علوم ہوں گے اور خاص طور پر قرآن پاک کی تعلیم لازمی قرار دی جائے گی۔

بقیہ 6

کردار ادا کر رہے ہیں اور ان کی محنت قابلِ قدر ہے۔ ایم ڈی نے متعلقہ افسران اور فیلڈ عملے کو ہدایت کی کہ شہر میں صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنایا جائے اور انسداد سموگ کے لیے سڑکوں کی واشنگ، سویپنگ اور صفائی کی سرگرمیوں میں تیزی لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ کچرے کو سڑکوں اور خالی جگہوں پر جمع ہونے سے روکنے کے لیے بروقت اٹھانے اور منتقلی کا مؤثر نظام یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے زیرو ویسٹ صفائی آپریشن کو مزید مؤثر بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ شہر کے اہم مقامات، تجارتی علاقوں اور گنجان آبادیوں میں صفائی کا خصوصی خیال رکھا جائے، جبکہ کوڑا کرکٹ جلانے اور پھیلانے کے رجحان کی روک تھام کے لیے آگاہی اور فیلڈ اقدامات جاری رکھے جائیں۔ رانا ساجد صفدر نے پاک سری لنکا کرکٹ سیریز کے سلسلے میں پنڈی کرکٹ سٹیڈیم اور اس کے اطراف خصوصی صفائی انتظامات جاری رکھنے کی بھی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ سٹیڈیم کے اطراف سڑکوں کی صفائی، واشنگ اور سویپنگ کے ساتھ کچرے کی بروقت منتقلی کو یقینی بنایا جائے تاکہ ملکی و غیر ملکی شائقین کو صاف ستھرا ماحول فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے انسداد سموگ اور کوڑا کرکٹ کے خاتمے کے لیے سکولوں میں جاری آگاہی مہم کو مزید مؤثر بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ طلبہ کو صفائی، کچرا مقررہ مقامات پر ڈالنے اور کچرا جلانے سے گریز کے حوالے سے آگاہی دی جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ صاف ماحول کے لیے شہریوں کا تعاون اور شعور بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی نے واضح کیا کہ شہر میں صفائی کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور فیلڈ آپریشنز کی مسلسل مانیٹرنگ جاری رکھی جائے گی۔ متعلقہ افسران کو ہدایت کی گئی کہ صفائی، سموگ کنٹرول، زیرو ویسٹ آپریشن اور آگاہی سرگرمیوں کو مربوط انداز میں مزید تیز کیا جائے۔

بقیہ 7

روی کا شکار ہونے کی شکایات سامنے آئی ہیں۔ دوسری جانب اولڈ ایج پنشن ہولڈرز کی بائیومیٹرک تصدیق کے لیے آنے والے بزرگ مرد وخواتین کی بڑی تعداد بھی نادرا آفس کے باہر ہجوم کی صورت میں موجود رہی، جس سے انہیں طویل انتظار اور دھوپ میں کھڑے رہنے کی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ عوامی حلقوں نے چیئرمین نادرا، متعلقہ ڈائریکٹر، اسسٹنٹ ڈائریکٹر نادرا، ڈپٹی کمشنر چکوال اور اسسٹنٹ کمشنر چوآ سیدن شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے چوآ سیدن شاہ نادرا آفس میں عملے کی کمی پوری کی جائے، ڈوڈوت اور بشارت کاؤنٹرز پر تعینات اہلکاروں کے متبادل انتظامات کیے جائیں اور بزرگ شہریوں سمیت تمام سائلین کو بروقت سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ 8

شروع کر دیا گیا۔ تمام صارفین کیلئے اوسط گیس ٹیرف 1708 روپے فی ایم ایم بی ٹی یو مقرر کرنے کا منصوبہ زیرغور ہے، کم آمدن مستحق افراد کو گیس کے بجائے آمدنی کی بنیاد پر سبسڈی دینے کی تجویز ہے۔ گیس سبسڈی کا موجودہ نظام ختم، آمدنی کو ریلیف کا معیار بنانے کی تجویز ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان نے آئی ایم ایف سے کراس سبسڈی ختم کرنے کا وعدہ کر رکھا ہے، گیس سبسڈی کو کھپت کے بجائے آمدنی سے منسلک کرنے کی تجویز ہے۔ گیس پر ریلیف حاصل کرنے کے لیے گھریلو آمدنی معیار بنے گی۔ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ذریعے صارفین کی مالی معاونت کی جائے گی۔ موجودہ نظام میں کم استعمال کرنے والے صارفین انتہائی کم نرخ پر گیس حاصل کر رہے ہیں، پروٹیکٹڈ صارفین 200 سے 350 روپے فی ایم ایم بی ٹی یو تک گیس استعمال کر رہے ہیں۔ کراس سبسڈی ختم کرنے کیلئے بجٹ میں 162 ارب روپے مختص کیے جائیں گے۔ نئی پالیسی لاگو ہونے سے گھریلو صارفین کے نرخوں میں نمایاں اضافہ متوقع ہے جبکہ صنعتی اور تجارتی شعبے کیلئے گیس نرخوں میں نمایاں کمی کا امکان ہے۔

بقیہ 9

پابندی عائد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب نے واضح کیا کہ ہالز اور مارکیز کے اندر تقریبات کی کوریج کیلئے چھوٹے ڈرون کے محدود استعمال کی اجازت ہوگی تاہم اندرونی تقریبات میں ڈرون کے محفوظ استعمال کی مکمل ذمہ داری منتظمین پر عائد ہوگی۔ محکمہ داخلہ پنجاب کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق ایجنسیز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو پابندی سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ ڈرون کے محفوظ استعمال کو یقینی بنانے کیلئے محکمہ داخلہ پنجاب نے ضلعی سطح پر "سیف ڈرون یوزیج کمیٹی" تشکیل دی ہے۔ زرعی، آبپاشی اور تحقیقی مقاصد کیلئے ڈرون کے محفوظ استعمال کی تحریری اجازت ضلعی "سیف ڈرون یوزیج کمیٹی" دے گی۔ کمیٹی کی تحریری اجازت کے ساتھ متعلقہ ڈرون کی فلائٹ پابندی سے مستثنیٰ ہوگی۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب نے ضابطہ فوجداری 1898 کے سیکشن (6)144 کے تحت آؤٹ ڈور ڈرون کے استعمال پر پابندی کا نوٹیفکیشن جاری کیا۔ محکمہ داخلہ پنجاب نے صوبہ بھر کی ضلعی انتظامیہ اور پولیس کو احکامات پر من وعن عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب نے بتایا کہ عوامی تحفظ، امن وامان کا قیام اور املاک کی حفاظت حکومتِ پنجاب کی اولین ترجیح ہے

بقیہ 10

گے جبکہ ڈی آئی جی لاہور شعیب خرم اور ایس ایس پی انویسٹی گیشن راولپنڈی سیف اللہ بھی کمیٹی میں شامل ہیں۔ ہائی پاورڈ کمیٹی حنا جاوید قتل کیس کی تفتیش کا ازسرنو جائزہ لے گی اور رواں ہفتے راولپنڈی کا دورہ کرے گی، اس دوران کمیٹی جائے وقوعہ کا معائنہ کرنے کے ساتھ اب تک ہونے والی تحقیقات کا بھی تفصیلی جائزہ لے گی۔ ذرائع کے مطابق راولپنڈی پولیس کو کیس سے متعلق فرانزک نمونوں کی رپورٹس موصول ہوگئی ہیں جن میں پوسٹ مارٹم کی حتمی رپورٹ بھی شامل ہے، مزید برآں وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے تشکیل دی گئی ہائی پاورڈ کمیٹی نے مقتولہ کے اہلخانہ سے بھی رابطہ کر لیا ہے۔ یادرہے کہ حنا جاوید کو 21 اگست کو ان کے گھر میں بے رحمانہ طریقے سے قتل کیا گیا تھا، واقعہ کا مقدمہ تھانہ سول لائن میں درج ہے، مقدمے میں نامزد مقتولہ کے شوہر فیصل اصغر اور گھریلو ملازم ذیشان ارشد اس وقت جوڈیشل ریمانڈ پر اڈیالہ جیل میں ہیں۔ حنا جاوید کے اہلخانہ نے راولپنڈی پولیس کی تفتیش پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے پارلیمنٹ کی کاکس کمیٹی اور قومی کمیشن برائے انسانی حقوق کو بھی خطوط ارسال کیے تھے۔

بقیہ 11

جانے والے ایم ڈیز کو دیگر پوسٹنگ نہ دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیرصدارت اجلاس میں ستھرا پنجاب کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، اجلاس میں مختلف شہروں میں صفائی کی صورتحال سے متعلق شکایات پر وزیراعلیٰ نے برہمی کا اظہار کیا اور ناقص کارکردگی پر متعلقہ ایم ڈیز کو وارننگ جاری کرنے کی ہدایت کی۔ اعلامیے کے مطابق ستھرا پنجاب کے فیلڈ مانیٹرنگ افسرز (ایف ایم اوز) (کی ٹریکنگ کیلئے باڈی کیم لگانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، وزیراعلیٰ نے ڈپٹی کمشنرز کو ایف ایم اوز کی روزانہ مانیٹرنگ کے لیے اقدامات کرنے کی ہدایت بھی کی۔ وزیراعلیٰ نے ستھرا پنجاب فیلڈ مانیٹرنگ افسرز کی نگرانی کے لئے باقاعدہ مانیٹرنگ سیکشن قائم کرنے کی بھی ہدایت کی۔ اجلاس میں اینٹی لٹرنگ مہم کے تحت سیف سٹی کیمروں سے ڈیجیٹل چالان شروع کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا،

بقیہ 12

سکیورٹی ذرائع کے مطابق خیبرپختونخوا کے علاقے باڑہ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا گیا جس کے نتیجے میں فتنہ الخوارج کے 5 دہشتگرد ہلاک ہوگئے جب کہ دہشتگردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود بھی برآمد ہوا۔ سکیورٹی فورسز نے فتنہ الخوارج کے ٹھکانوں کو مکمل تباہ کر دیا۔ دوسری جانب بلوچستان ضلع چاغی کے علاقے نوکچو میں بھی سکیورٹی فورسز کی کارروائی میں 2 دہشتگرد مارے گئے،

بقیہ 13

کے امراض سے بچاؤ کے عالمی دن پر اپنے خصوصی پیغام میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف نے کہا کہ دل کے امراض سے بچاؤ کیلئے احتیاط علاج سے بہتر ہے، طرزِ زندگی میں صحت مند تبدیلی ضروری ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب کے تمام ضلعی ہسپتالوں میں کیتھ لیب اور کارڈیالوجی سنٹرز کے قیام کے عزم کا اعادہ کیا۔ پنجاب کے 6اضلاع میں کیتھ لیب زمیں امراض دل میں مبتلا 7294 مریضوں کے کامیاب پروسیجر کیے گئے ہیں۔ جہلم، جھنگ، وہاڑی، قصور، میانوالی، بہاولنگر کی کیتھ لیب میں 4448 مریضوں کی انجیوگرافی، 2763 افراد کی انجیو پلاسٹی کی گئی۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے کہا ہے کہ ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال قصور کیتھ لیب میں دو مریضوں کو کامیابی سے عارضی پیس میکر لگائے گئے۔ 8 اضلاع میں نومبر، 7 اضلاع میں فروری تک کیتھ لیب بنیں گی۔

بقیہ 14

ممبر بورڈ آف گورنرز کرنل افتخار حسین اعوان کی قیادت میں دل کے امراض کے بارے عوامی شعور بیدار کرنے کیلئے ہسپتال احاطہ میں ڈاکٹر اور سٹاف پر مشتمل واک نکالی گئی۔ ذرائع کے مطابق دنیا بھر کی طرح سرگودھا میں دل کا عالمی دن منایا گیا جس پر گورنمنٹ نواز شریف انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی سرگودھا میں منعقدہ تقریب کے اختتام پر ممبر بورڈ آف گورنرز کرنل افتخار حسین اعوان کی قیادت میں عوام میں دل کا شعور بیدار کرنے کے لئے۔ ہسپتال کے احاطہ میں آگاہی واک نکالی گئی اور ڈاکٹرز نے کہا کہ دل کے امراض سے بچا کے لیے متوازن غذا، باقاعدہ ورزش اور صحت مند طرزِ زندگی اپنانا ضروری ہے۔ بلڈ پریشر، شوگر اور کولیسٹرول کو کنٹرول میں رکھنے کے ساتھ دل کی بیماری کی علامات ظاہر ہونے پر بروقت طبی معائنہ اور علاج بھی انتہائی اہم ہے۔ اس موقع پر عالمی یوم دل کے عالمی دن کا کیک کاٹا گیا جس میں چیف ایگزیکٹو و نیجر جنرل ڈاکٹر خرم شہزاد، ہسپتال ڈائریکٹر بریگیڈیئر ڈاکٹر آصف چھٹہ، پروفیسر ڈاکٹر اظہر رشید اور پروفیسر ڈاکٹر عدنان شہزاد سمیت ڈاکٹرز اور طبی عملہ وسٹاف نے شرکت کی اور دل کے امراض سے متعلق عوامی شعور اجاگر کرنے کے لیے آگاہی سرگرمیاں جاری رکھنے کے عزم کیا۔

بقیہ 15

ہوگئی، نیپرا اتھارٹی درخواست اور متعلقہ اعداد وشمار کا مزید جائزہ لینے کے بعد اپنا فیصلہ جاری کرے گی۔ سماعت کے دوران سی پی پی اے نے بریفنگ میں بتایا کہ اگست کے دوران ڈسکوز کو 14 ارب 46 کروڑ 40 لاکھ یونٹس بجلی فراہم کی گئی، جبکہ بجلی کی اوسط فیول لاگت 8 روپے 82 پیسے فی یونٹ رہی۔

بقیہ 16

30 ستمبر ہے، ٹیکس دہندگان ریٹرن فائل کرنے سے قبل اپنی آمدنی، اثاثوں، بینکنگ اور دیگر مالی لین دین کا ریکارڈ اچھی طرح چیک کریں اور گوشوارے میں تمام معلومات درست اور مکمل درج کریں۔ ایف بی آر کے مطابق ٹیکس ریٹرن کے ساتھ متعلقہ دستاویزی ثبوت بھی فراہم کیے جائیں تاکہ ظاہر کردہ معلومات اور مالی ریکارڈ میں کسی قسم کا تضاد نہ رہے۔ ادارے کے جدید خودکار نظام اور مختلف ڈیٹا ذرائع کے ذریعے آمدنی، اثاثوں اور مالی معاملات سے متعلق معلومات کی جانچ کی جاسکتی ہے جبکہ غلط، نامکمل یا متضاد معلومات کی نشاندہی بھی ممکن ہے۔ ایف بی آر نے خبردار کیا ہے کہ آمدنی یا اثاثوں سے متعلق معلومات چھپانے، غلط تفصیلات فراہم کرنے یا واجب الادا ٹیکس کی ادائیگی میں کوتاہی کی صورت میں متعلقہ قوانین کے تحت کارروائی اور ریکوری کے اقدامات کیے جاسکتے ہیں۔ قانونی تقاضے پورے ہونے کی صورت میں واجب الادا رقم کی وصولی کے لیے قانون کے مطابق بینک اکاؤنٹس سمیت دیگر ذرائع استعمال کیے جاسکتے ہیں۔ ٹیکس دہندگان کو مشورہ دیا گیا ہے کہ ریٹرن جمع کرانے سے پہلے اپنے تمام مالی ریکارڈ، آمدنی کے ذرائع اور اثاثوں کی تفصیلات کا جائزہ لیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ گوشوارے میں درج معلومات دستیاب دستاویزات سے مطابقت رکھتی ہوں۔ ٹیکس سال 2026 کا انکم ٹیکس ریٹرن ایف بی آر کی ویب سائٹ یا ٹیکس آسان (Tax Asaan) موبائل ایپ کے ذریعے جمع کرایا جاسکتا ہے۔

بقیہ 17

ہوا تھا، 2026 میں ملک بھر میں پولیو کیسز کی تعداد 5 ہوگئی ہے، ان میں خیبرپختونخوا 4، اور صوبہ سندھ سے ایک کیس شامل ہے۔

بقیہ 18

چھلانگ لگا دی۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق 75 سالہ یوسف علی اپنی اہلیہ کے ہمراہ گھر سے نکلا تھا، اہل خانہ کے مطابق جوڑا رکشے پر سوار ہو کر شاہی نہر پہنچا، جہاں دونوں نہر میں کود گئے۔ ریسکیو ٹیموں نے کارروائی کرتے ہوئے ضعیف خاتون کو نہر سے زندہ نکال لیا، تاہم 75 سالہ یوسف علی پانی میں ڈوب گیا جس کی لاش کی تلاش کے لیے آپریشن جاری ہے۔ ابتدائی طور پر واقعے کی وجہ غربت یا اولاد سے مبینہ طور پر تنگ آنا بتائی جارہی ہے، تاہم اس حوالے سے مزید حقائق سامنے آنا باقی ہیں

بقیہ 19

علاقے کی ناکہ بندی کرکے ملزمان کی تلاش شروع کردی گئی ہے۔

بقیہ 20

اور پرامن بقائے باہمی پر یقین رکھتا ہے۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ پاکستان نے افغانستان کے مسئلے کے حل کے لیے متعدد اعلیٰ سطحی وفود افغانستان بھیجے، افغانستان کے مسئلے پر استنبول اور دوحہ میں بھی مذاکرات ہوئے، افغان عبوری حکومت کو عسکریت پسندانہ سوچ سے نکل کر ذمہ دار ریاست کی سوچ اپنانا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان کو درپیش بیشتر مسائل عسکریت پسندانہ ذہنیت کا نتیجہ ہیں، افغانستان میں تجارت اور علاقائی رابطوں کے فروغ کی بے پناہ صلاحیت موجود ہے، افغانستان میں امن سے وسطی ایشیا سے پاکستان تک تجارتی راستے کھولنے میں مدد مل سکتی ہے۔

بقیہ 21

کی شناخت شاہ سعود کے نام سے ہوئی جس کا تعلق اکوڑہ خٹک سے ہے، شاہ سعود پنجاب اور خیبر پختونخوا میں اجرتی قتل کے مقدمات میں مطلوب تھا۔ حکام کے مطابق ہلاک ملزم شاہ سعود دوہرے قتل کیس میں گرفتاری کے بعد پولیس حراست سے فرار ہوا تھا۔

بقیہ 22

پختونخوا میں حکومت ہماری مجبوری نہیں ہے، بلکہ ہمارے لئے آسان ہوجائے گا، ورکر جب ہمیں کہتے کہ کسی ٹرانسفر پوسٹنگ نہیں ہوتی تو ہمارے لئے احتجاج کرنا آسان ہوجائے گا۔ ہمارے لئے آسان ہوجائے گا، کافی چیزیں جو ہم کرنا چاہتے ہیں اور صوبائی حکومت کی مجبوریوں کی وجہ سے نہیں کرسکتے، پھر احتجاج کرنا ہمارے لئے آسان ہوجائے گا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے بھی اپنی حکومتیں خود گرائی تھیں، اقتدار جانے کا مسئلہ ان کو ہوسکتا ہے کیونکہ یہ لوگ اقتدار سے کماتے ہیں ان کا کچن چلتا ہے۔ جنید اکبر کا کہنا تھا کہ وفاقی حکومت نے گورنر راج یا ایمرجنسی لگائی تو عوام بھرپور ردعمل دے گی، ہمیں خیبرپختونخوا کی حکومت کسی کی خواہش پر نہیں ملی، وفاقی حکومت میں پی ٹی آئی کی حکومت گرانے کی ہمت ہی نہیں ہے، اگر ان کی ہمت ہوتی تو یہ سہیل آفریدی کو وزیراعلیٰ ہی نہیں بننے دیتے۔

بقیہ 23

لیوی 35 سے 40 روپے کم کرنے کا مطالبہ نہیں کیا، امید ہے وزیرِ اعظم اپنا وعدہ پورا کریں گے، بصورت دیگر جماعت اسلامی ملتان سے اسلام آباد کی طرف سپر مارچ کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی ڈیڑھ ماہ سے زائد عرصے سے دھرنے اور مارچ کر رہی ہے، لیوی اور دیگر ٹیکسز کے نام پر 130 روپے سے زائد بھتے کا خاتمہ ترجیح اول ہے۔ لیاقت بلوچ کا کہنا تھا کہ وزیرِ اعظم شہباز شریف کی کال پر حافظ نعیم الرحمٰن نے بھتے کے مکمل خاتمے کا مطالبہ کیا تھا، وزیرِ اعظم نے واپس آ کر بڑے ریلیف پیکج کا اعلان کرنے کی یقین دہانی کرائی تھی۔

بقیہ 24

پیاروں کی فوری بازیابی کے لئے ہنگامی اقدامات کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ اہل خانہ کا کہنا ہے کہ بیشتر مغوی پاکستانیوں کی طبیعت انتہائی خراب ہے اور انہیں فوری طبی امداد کی اشد ضرورت ہے۔ انہوں نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ ڈیڑھ ماہ سے مغویوں کے ساتھ ان کا کوئی رابطہ نہیں ہو سکا ہے۔ دوسری جانب جہاز کے سیکنڈ آفیسر نے بتایا ہے کہ بحری قزاق جہاز کو دوبارہ اسی جگہ واپس لے جارہے ہیں جہاں سے وہ اسے اغوا کر کے لائے تھے۔

بقیہ 25

ہوئے، لاہور میں ایک ماہ کے دوران 14 افراد میں ڈینگی کی تصدیق ہوئی۔ چکوال، ملتان اور رحیم یار خان میں ڈینگی کے 3، 3 کیسز رپورٹ ہوئے جب کہ اٹک، گوجرانوالہ اور مظفرگڑھ میں 2، 2 کیسز سامنے آئے۔ ڈی جی خان، فیصل آباد، ننکانہ صاحب، اوکاڑہ، پاکپتن اور سیالکوٹ میں ڈینگی کا ایک، ایک کیس رپورٹ ہوا ہے۔ صوبائی وزیر صحت و آبادی خواجہ عمران نذیر نے کہا کہ لاہور سمیت پنجاب بھر میں ڈینگی سرویلنس مزید تیز کی جارہی ہے۔ انہوں نے شہریوں پر زور دیا کہ ڈینگی سے بچا کے لیے جاری ایس او پیز پر عملدرآمد یقینی بنائیں۔

بقیہ 26

کے مطابق پشاور میں 4 اکتوبر کو لانگ مارچ کے حوالے سے پاکستان تحریک انصاف کا وزیراعلیٰ ہاؤس میں پارلیمانی پارٹی کا مشاورتی اجلاس ہوا، اجلاس کی صدارت وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے کی، جس میں ارکان صوبائی وقومی اسمبلی، وزراء، مشیر اور دیگر شریک ہوئے۔ ذرائع کے مطابق اجلاس آن لائن منعقد ہوا، بعض ارکان اسمبلی نے زوم کے ذریعے شرکت کی، جبکہ پارٹی عہدیدار بھی اجلاس میں شریک تھے۔ اجلاس میں 4 اکتوبر کو لانگ مارچ شروع کرنے یا ملتوی کرنے پر مشاورت کی گئی۔ ذرائع کے مطابق وزیراعلیٰ نے لانگ مارچ کی تیاریوں میں دلچسپی نہ لینے پر ناراضگی کا اظہار کیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سہیل آفریدی نے کہا کہ ہماری صفوں میں میر جعفر اور میر صادق بھی ہیں۔ ہم اسلام آباد فتح کرنے نہیں جارہے کہ وفاقی حکومت ہمارا راستہ روک رہی ہے۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ ہم دو ہاتھ اور دو پاں لے کر جائیں گے، غلیلیں اور لاٹھیاں لے کر جانے کے حوالے سے الزامات ہیں۔ 4 اکتوبر کو ہم نے پشاور سے روانہ ہونا ہے۔

بقیہ 27

ہوگیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے جناح پیپلز ٹرین سروس کا افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریب میں صوبائی و وفاقی حکام، سیاسی شخصیات، ریلوے حکام اور شہریوں نے شرکت کی۔ جناح پیپلز ٹرین سریاب اور کچلاک کے درمیان 32 کلومیٹر طویل ریلوے ٹریک پر چلائی جائے گی، جس کے لیے شہریوں کی سہولت کے پیش نظر 7 اسٹیشنز قائم کیے گئے ہیں۔ دو بوگیوں پر مشتمل ٹرین میں بیک وقت 198 مسافروں کے بیٹھنے جبکہ 30 مسافروں کے کھڑے ہو کر سفر کرنے کی گنجائش ہے۔ ٹرین سروس کا مقصد کچلاک، سریاب اور ملحقہ علاقوں سے کوئٹہ شہر آنے جانے والے طلبہ، ملازمین، مزدوروں، کاروباری افراد اور عام شہریوں کو محفوظ، آرام دہ اور کم خرچ سفری سہولت فراہم کرنا ہے، جبکہ اس سے شہر کی مصروف شاہراہوں پر ٹریفک کے دباؤ میں بھی کمی لانے میں مدد ملنے کی توقع ہے۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان روایتوں کی امین سرزمین ہے اور حکومت نے عوام کو بہترین سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے اقدامات کیے ہیں۔

بقیہ 28

ہوئی، راولپنڈی کے ایک کوریئر آفس میں نیوزی لینڈ جانے والے پارسل سے ویسٹ کوٹ میں جذب 1.9 کلوگرام آئس برآمد کی گئی۔ شاہراہ فیصل کراچی پر واقع کوریئر آفس میں برطانیہ جانے والے پارسل میں جوتوں سے 4.2 کلوگرام آئس برآمد ہوئی۔ سرنان، ضلع پشین کے قریب ٹرک میں سیب کی پیٹیوں میں چھپائی گئی 60 کلوگرام چرس اور 12 کلوگرام آئس برآمد کر کے ایک ملزم کو گرفتار کرلیا گیا۔

بقیہ 29

ڈی) نے پاکپتن میں بروقت کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردی کا بڑا منصوبہ ناکام بنا دیا اور کالعدم ٹی ٹی پی (فتنہ الخوارج) سے تعلق رکھنے والے انتہائی خطرناک دہشت گرد کو گرفتار کرلیا۔ سی ٹی ڈی حکام نے بتایا گرفتار دہشت گرد کی شناخت عبدالرحیم کے نام سے ہوئی ہے، جو 16 ایس پی چوک میں بڑی مقدار میں بارودی مواد کے ساتھ موجود تھا۔ دہشت گرد کے قبضہ سے 2 کلوگرام بارودی مواد، 3 آئی ای ڈی بیٹریز، پرائما کارڈز اور فیوز سرکٹ برآمد کرلئے گئے ہیں۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی بم ڈسپوزل کے عملے کو طلب کیا گیا جس نے موقع پر پہنچ کر برآمد شدہ بارودی مواد کو محفوظ طریقے سے ناکارہ بنادیا۔ سی ٹی ڈی حکام کے مطابق دہشت گرد شہر میں تخریبی کارروائیاں کرکے عوام میں خوف و ہراس پھیلانا چاہتا تھا۔ ملزم کے خلاف تھانہ سی ٹی ڈی میں انسدادِ دہشت گردی ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کرکے مزید تحقیقات کا آغاز کردیا گیا ہے۔

بقیہ 30

اور سیوریج کی جاری سکیموں کے حوالے سے بریفنگ دی جبکہ ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ نے دیگر ترقیاتی سکیموں کی تفصیلات، پیش رفت اور منظوری کی صورتحال سے اجلاس کو آگاہ کیا۔ بریفنگ کے مطابق راولپنڈی ضلع کی مجموعی طور پر 21 سکیمیں شناخت کی گئی ہیں جن کی مجموعی لاگت 6 ارب 52 کروڑ 29 لاکھ روپے سے زائد ہے، جبکہ 18 سکیموں کی منظوری دی جا چکی ہے۔ منظور شدہ سکیموں میں مختلف علاقوں میں سڑکوں کی بحالی، تعمیر، بہتری اور کشادگی کے منصوبے شامل ہیں۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے افسران کو ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی سکیموں کی بروقت، شفاف اور معیاری تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ برداشت نہیں کیا جائے گا اور کام کی رفتار کو باقاعدگی سے مانیٹر کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جو ٹھیکیدار مقررہ معیار اور رفتار کے مطابق کام نہیں کر رہے ان کے خلاف قواعد وضوابط کے تحت مؤثر کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ترقیاتی سکیموں میں غیر ضروری تاخیر کسی صورت قابل قبول نہیں، متعلقہ محکمے منصوبوں کی مسلسل نگرانی اور فیلڈ میں عملی پیش رفت یقینی بنائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ وہ آئندہ چند روز میں جاری ترقیاتی سکیموں کا خود فیلڈ دورہ کرکے کام کے معیار اور رفتار کا جائزہ لیں گے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ فیلڈ دوروں کے دوران نشاندہی ہونے والے مسائل کو فوری طور پر حل کیا جائے تاکہ عوام کو ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات بروقت حاصل ہوسکیں۔ ترقیاتی سکیموں میں خیابانِ سرسید، بوکرا روڈ، فتح روڈ، راول روڈ، چندنی چوک تا کمرشل مارکیٹ، ریلوے ورکشاپ روڈ، گورڈن کالج روڈ، ٹیکسلا، گوجر خان، کلرسیداں اور کہوٹہ کی مختلف سڑکوں کی بحالی و بہتری بھی شامل ہے۔

بقیہ 31

چھپ رہے ہیں، جب میدان بجے گا تو پھر بات ہوگی۔ گورنر خیبرپختونخوا نے کہا کہ یہ صرف میڈیا پر بڑھکیں مارتے ہیں، یہ چھپنے کے لیے گرفتاریاں دے رہے ہیں، عوام ان کے ساتھ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبرپختونخوا میں دہشت گردی کو کنٹرول کیا جائے، دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو نہیں چھوڑا جائے گا، خیبرپختونخوا میں دہشتگردی کو کنٹرول کرنا پی ٹی آئی کے بس کی بات نہیں۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ آئین میں گورنر راج نافذ کرنے کا آپشن موجود ہے۔

بقیہ 32

نے اگست 2025ء میں گرفتار کیا تھا، ٹھوس شواہد اور مقدمہ کی مؤثر پیروی کے پیش نظر معزز عدالت نے مجرم کو قرار واقعی سزا سنائی، منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔

بقیہ 33

کہا کہ ایک طرف آپ عدالت میں پیش ہوں اور دوسری طرف میں پیش ہو کر دکھاؤں گا، آپ بھی اپنا کیس پیش کرنا میں بھی اپنے دلائل دوں گا۔ آپ دعویٰ کرنا جواب دعویٰ میں دوں گا۔ وہ اور لوگ ہیں جن کو آپ نے ڈرالیا ہوگا، لاہور کی ایک پروین بی بی اور ندیم کو آپ نے ڈرالیا تھا۔ میں آپ کو کہتا ہوں ٹریفک کا قانون ہے لائسنس دکھانا، آپ اتنے بڑے منصب پر بیٹھے ہوئے ہیں ڈگری دکھائیں، ''مختیار یا گل ودھ گئی اے''

بقیہ 34

22 ڈگری جبکہ زیادہ سے زیادہ 33 ڈگری سینٹی گریڈ تک جانے کا امکان ہے۔ دوسری جانب لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں چوتھے نمبر پر آ گیا، جہاں فضائی آلودگی کی شرح 163 ریکارڈ کی گئی۔ برکی روڈ پر آلودگی 182، گلبرگ ٹو میں 176، پیراگون سٹی میں 169، بیدیاں روڈ پر 166، ڈی ایچ اے فیز فائیو میں 163 جبکہ اقبال ٹاؤن میں 160 ریکارڈ ہوئی۔

بقیہ 35

میں صفائی ستھرائی، طبی سہولیات اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی خدمات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو مریضوں کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں میں آنے والے مریضوں کو علاج معالجے کے حوالے سے کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہیں ہونا چاہیے۔ مریضوں کی سہولت، صفائی ستھرائی اور طبی خدمات کے معیار پر خصوصی توجہ دی جائے۔ انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مریضوں اور ان کے لواحقین کی شکایات کا فوری ازالہ کیا جائے اور ہسپتال میں دستیاب سہولیات کو مزید بہتر بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ ندیم ناصر کا ہولی فیملی ہسپتال کا دورہ، مری سکول وین حادثہ کے زخمی بچوں کی عیادت اور ہسپتال انتظامیہ کو زخمی بچوں کو تمام ممکنہ سہولیات کی فوری فراہمی کا حکم۔

بقیہ 36

درخواست ضمانت پر سماعت کی۔ عدالت کی جانب سے ضمانت کی درخواست خارج کیے جانے کے بعد ملزم عامر نے احاطہ ہائیکورٹ سے فرار ہونے کی کوشش کی۔ ملزم کی فرار کی کوشش پر مدعی، ملزم پارٹی اور پولیس اہلکاروں کے درمیان ہاتھا پائی شروع ہوگئی، جس کے باعث ہائیکورٹ کے احاطے میں صورتحال کشیدہ ہوگئی۔ واقعے کے دوران لڑائی مار کٹائی کے باعث کچھ دیر کے لیے ہائیکورٹ کا ماحول بھی متاثر ہوا۔ ہائیکورٹ سکیورٹی اور پولیس اہلکاروں نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم عامر کو قابو کرلیا۔ پولیس نے ملزم کو حراست میں لے کر تھانہ ریس کورس کے حوالے کر دیا۔ پولیس کے مطابق ملزم عامر کے خلاف جعلی چیک کا مقدمہ پہلے ہی تھانہ ریس کورس میں درج ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم کے خلاف مقدمے میں مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔

بقیہ 37

ذرائع کے مطابق امیر مقام نے کہا کہ گورنر راج آئینی راستہ ہے، حالات کے مطابق فیصلہ ہوسکتا ہے اور ان ہاس تبدیلی مثبت پیشرفت ہوگی۔ امیر مقام نے کہا کہ موجودہ صورتحال میں ہم خیال پارٹیز کی کانفرنس بلانے کی تجویز ہے، اس کے علاوہ صوبے کی صورتحال میں مشترکہ حکمت عملی بنانے پر زور دیا گیا۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ وفاقی حکومت جب چاہے گورنر راج نافذ ہوسکتا ہے، سہیل آفریدی دہشتگردی کے خلاف جنگ میں ریاست کے بجائے دہشتگردوں کے ساتھ ہیں۔

بقیہ 38

رکھنے والی عسوہ مرجان سے روس میں پاکستانی سفیر فیصل نیاز ترمذی نے ملاقات کر کے حوصلہ افزائی کی۔ ان کا کہنا تھا کہ عسوہ نے اتنی کم عمری میں شاندار پرفارمنس دیکر سب کے دل جیت لیے ہیں۔ عسوہ مرجان اس سے پہلے بھی عالمی مقابلوں میں عمدہ کارکردگی دکھانے کا اعزاز رکھتی ہیں۔

بقیہ 39

کر 15 لاکھ روپے کرنے کی تجویز شامل ہے۔ اسی طرح چھوٹے کاروباروں کے لیے سالانہ ٹرن اوور کی حد 3 کروڑ روپے سے بڑھا کر 40 کروڑ روپے کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ علاوہ ازیں درمیانے کاروباروں کے لیے سالانہ ٹرن اوور کی حد 40 کروڑ روپے سے بڑھا کر 2 ارب روپے کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ ایس ای سی پی کے مطابق ایس ایم ایز کے لیے تجویز کردہ حدود اسٹیٹ بینک کی حالیہ تبدیلیوں سے ہم آہنگ ہیں۔

بقیہ 40

سیاحوں کے لیے مزید خوبصورت، صاف ستھرا، سرسبز، ماحول دوست اور سیاح دوست شہر بنانے کیلئے لیے کاوشیں تیزی سے جاری ہیں۔ سی ڈی اے کی اسلام آباد میں شجرکاری، لینڈ اسکیپنگ اور تزئین و آرائش کی سرگرمیاں جاری ہیں، جن میں اہم شاہراہیں، گرین بیلٹس، پارکس، تفریحی مقامات، عوامی مقامات اور دیگر موزوں مقامات شامل ہیں۔ اس مہم کا مقصد اسلام آباد کے منفرد سرسبز تشخص کو مزید مضبوط بنانا اور شہریوں کے ساتھ ساتھ ملکی وغیر ملکی سیاحوں کے لیے صاف ستھرا، صحت مند، خوبصورت اور خوشگوار ماحول فراہم کرنا ہے۔ شجرکاری مہم میں تیزی سی ڈی اے کی ان وسیع تر کاوشوں کا اہم حصہ ہے جن کا مقصد اسلام آباد کو مزید خوبصورت، صاف، سرسبز، محفوظ، ماحول دوست اور سیاح دوست وفاقی دارالحکومت کے طور پر مزید ترقی دینا ہے۔ اس سلسلے میں گرین بیلٹس کی بہتری، عوامی مقامات کی تزئین و آرائش، اہم شاہراہوں اور سڑکوں کے اطراف شجرکاری اور شہر کے نمایاں مقامات اور اہم کوریڈورز کو مزید خوبصورت بنانے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے کی مؤثر اور فعال نگرانی میں سی ڈی اے کا انوائرمنٹ ونگ اسلام آباد بھر میں شجرکاری اور لینڈ اسکیپنگ کی سرگرمیوں میں بھرپور انداز میں مصروف عمل ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے متعلقہ شعبوں کو ہدایت کی ہے کہ موزوں مقامات پر شجرکاری کو یقینی بنایا جائے اور نئے لگائے جانے والے پودوں اور درختوں سمیت گرین ایریاز کی مناسب دیکھ بھال اور مؤثر نگہداشت کی جائے۔ اس مہم میں صرف زیادہ سے زیادہ شجرکاری ہی نہیں بلکہ پودوں کی بہتر نشوونما، بقا اور طویل المدتی بنیادوں پر سرسبز ماحول کے فروغ کو بھی خصوصی اہمیت دی جا رہی ہے۔ اسلام آباد میں درخت اور سبزہ ہوا کے معیار کو بہتر بنانے، ماحولیاتی آلودگی میں کمی کے علاوہ شہریوں کے لیے صحت مند اور خوشگوار ماحول کی فراہمی میں اہم کردار ادا کرنے کے لیے کوشاں ہے۔ سی ڈی اے کی شجرکاری مہم اسلام آباد کو مزید پائیدار، صحت مند اور ماحولیاتی طور پر مضبوط وفاقی دارالحکومت بنانے میں بھی معاون ثابت ہوگی۔ شجرکاری کا یہ اقدام اسلام آباد میں ماحول دوست سرگرمیوں اور سیاحت کے فروغ کے حوالے سے بھی خصوصی اہمیت کا حامل ہے۔ وفاقی دارالحکومت اپنے سرسبز و شاداب ماحول، دلکش قدرتی مناظر، خوبصورت پارکس، تفریحی سہولیات اور تاریخی و اہم مقامات کی وجہ سے منفرد مقام رکھتا ہے۔ شہر میں مزید شجرکاری، خوبصورت لینڈ اسکیپنگ، سڑکوں کے اطراف سبزہ، بہتر انداز میں پارکس کی دیکھ بھال اور دلکش عوامی مقامات اسلام آباد کے حسن کو مزید نکھاریں گے اور شہریوں، ملکی و غیرملکی سیاحوں کے لیے ایک خوشگوار اور یادگار تجربہ فراہم کریں گے۔ چیئرمین سی ڈی اے کی نگرانی میں انوائرمنٹ ونگ کی جانب سے لینڈ اسکیپنگ، تزئین و آرائش، ماحولیاتی تحفظ اور عوامی مقامات کی بہتری سے متعلق دیگر اقدامات بھی بیک وقت جاری ہیں تاکہ شجرکاری مہم کے مثبت اثرات شہر بھر میں نمایاں ہوں۔ ان مربوط اقدامات کا مقصد شہریوں کے لیے خوبصورت، دلکش، صاف ستھرے اور بہتر انداز میں ماحول کی بہتری کے ساتھ ساتھ اسلام آباد کو ملکی و غیر ملکی سیاحوں کے لیے مزید پرکشش بنانا ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ اسلام آباد کے سرسبز تشخص کا تحفظ اور اس میں مزید اضافہ ایک مسلسل عمل ہے جس کے لیے مستقل توجہ، مؤثر دیکھ بھال اور اجتماعی ذمہ داری ضروری ہے۔ سی ڈی اے اسلام آباد کی قدرتی خوبصورتی کے تحفظ، گرین کور میں اضافے اور شہری ماحول کے معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے اقدامات کا سلسلہ جاری رکھے گا۔ شہریوں نے اسلام آباد کی خوبصورتی میں اضافہ کے لیے سی ڈی اے کی بہترین کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ سی ڈی اے کی جاری شجرکاری خصوصاً ماحول دوست پودے لگانے پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے سی ڈی اے کی ان کوششوں کو قابلِ تحسین قرار دیا ہے جن کے ذریعے وفاقی دارالحکومت کو مزید خوبصورت، صاف، سرسبز، محفوظ، ماحول دوست اور سیاح دوست بنایا جا رہا ہے، جبکہ اسلام آباد کے منفرد قدرتی تشخص کو آئندہ نسلوں کے لیے محفوظ رکھنے پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ سی ڈی اے نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی کی ہدایات اور چیئرمین سی ڈی اے کی مؤثر نگرانی میں اسلام آباد بھر میں شجرکاری، لینڈ اسکیپنگ، تزئین و آرائش، ماحولیاتی تحفظ اور گرین بیوٹیفیکیشن کے اقدامات کو مزید جاری اور تیز کیا جائے گا، تاکہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کو ایک جدید، پائیدار، گرین اور عالمی معیار کے شہر کے طور پر مزید ترقی دی جا سکے، جو اپنے شہریوں، ملکی و غیرملکی سیاحوں اور دنیا بھر سے آنے والے مہمانوں کو بہترین، صحت مند اور خوشگوار ماحول فراہم کرے۔

بقیہ 41

نے 4 اکتوبر 2022 کا منجمد اثاثوں سے متعلق حکم واپس لیا تھا۔ نیب نے مؤقف اختیار کیا کہ احتساب عدالت کا حکم ریکارڈ پر موجود اہم مواد کو نظر انداز کرنے کا نتیجہ ہے۔ حکمنامے کے مطابق نیب نے کہا کہ احتساب عدالت نے نیب آرڈیننس 1999 کی دفعہ 13 میں مقررہ ٹائم لائن کو مدنظر نہیں رکھا۔ نیب پراسیکیوٹر کے مطابق سول کورٹ کا فیصلہ اور ڈگری احتساب عدالت پر لازم نہیں، جبکہ سول کورٹ کی کارروائی میں نیب فریق نہیں تھا اور فیصلہ نیب کو سنے بغیر دیا گیا۔

بقیہ 42

ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورائیہ نے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جائے، شہریوں کے مسائل کے فوری حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، تھانوں میں شہریوں کے لئے بہترین سروس ڈیلیوری کو ہمہ وقت یقینی بنایا جائے گا، وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور ان کو سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، جس کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔

بقیہ 43

انویسٹی گیشن سیف اللہ نے کہا کہ زیر تفتیش مقدمات کو حقائق کی روشنی میں یکسو کیا جائے، قتل اور دیگر سنگین مقدمات میں ملوث ملزمان کی گرفتاری اور مقدمات کو میرٹ پر کو یقینی بنایا جائے، اشتہاری مجرمان اور سابقہ ریکارڈ یافتگان کے خلاف کارروائیوں میں مزید بہتری لائی جائے، سینئر افسران سنگین اور اہم مقدمات کی تفتیش کی خود نگرانی کریں۔ ایس ایس پی انویسٹیگیشن نے تھانہ مندرہ فرنٹ ڈیسک، حوالات تھانہ، کوت، ریکارڈ، صفائی سمیت دیگر امور کا تفصیلی جائزہ لیا، تھانہ میں آنے والے شہریوں سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے انکے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں۔

بقیہ 44

سینئر پولیس افسران کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں وفاقی دارالحکومت کی مجموعی سکیورٹی صورتحال، آپریشنل استعداد کار، پولیس افسران و جوانوں سے متعلق امور اور مختلف شعبہ جات کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سکیورٹی انتظامات کو مزید مؤثر بنانے، آپریشنل رسپانس بہتر کرنے، پولیس وسائل کے مؤثر استعمال اور شہریوں کو بروقت اور معیاری پولیس سروسز کی فراہمی سے متعلق اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر آئی جی اسلام آباد نے افسران کو پیشہ ورانہ ذمہ داریاں مؤثر انداز میں انجام دینے، باہمی رابطوں کو مزید بہتر بنانے اور سکیورٹی و پولیسنگ کے مجموعی معیار کو مضبوط بنانے کے لیے ضروری ہدایات جاری کیں۔

بقیہ 45

منعقد ہوا، جس میں ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا، ایس ایس پی انویسٹی گیشن سلیمان ظفر، ایس ایس پی سکیورٹی ایڈمنسٹریشن، زونل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈی آئی جی اسلام آباد نے تمام افسران کی کارکردگی کا فرداً فرداً جائزہ لیا اور جرائم کی روک تھام، مقدمات کی تفتیش، ملزمان کی گرفتاری اور شہریوں کی دادرسی سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ناقص کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے بعض ایس ایچ اوز اور تھانہ جات کے انوسٹی گیشن افسران کو شوکاز نوٹس جاری کرتے ہوئے تمام ایس ایچ اوز کو اپنی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے 15 روز کی مہلت دی گئی۔

بقیہ 46

ایم ایف مشن کی قیادت آئیوا پیٹروا کر رہی ہیں۔ ملاقات میں پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان جاری پروگرام کے تحت ہونے والی پیش رفت، پالیسی اقدامات اور آئندہ جائزوں سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ابتدائی ورچوئل بات چیت میں وزیرِ مملکت برائے خزانہ وتحصولات بلال اظہر کیانی، چیئرمین ایف بی آر راشد محمود لنگڑیال اور وزارت خزانہ کے سینئر حکام بھی موجود تھے، پاکستان اس وقت بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے توسیعی فنڈ سہولت اور ریزیلینس اینڈ سسٹین ایبلٹی سہولت (آر ایس ایف) کے تحت پروگرام پر عملدرآمد کر رہا ہے۔ توسیعی فنڈ سہولت کا بنیادی مقصد پاکستان کی مالیاتی اور بیرونی شعبے کی پائیداری بہتر بنانا، معاشی استحکام کو مضبوط کرنا اور ڈھانچہ جاتی اصلاحات کے ذریعے معیشت کو مستحکم بنیادوں پر استوار کرنا ہے۔ اس کے تحت مالیاتی نظم وضبط، ٹیکس کے شعبہ میں اصلاحات، توانائی کے شعبے میں بہتری اور سرکاری اداروں سمیت مختلف شعبوں میں اصلاحات پر توجہ دی جا رہی ہے۔ ریزیلینس اینڈ سسٹین ایبلٹی سہولت طویل مدتی ڈھانچہ جاتی ساختی مسائل، بالخصوص موسمیاتی تبدیلی اور قدرتی آفات کے خطرات سے نمٹنے کے لیے پاکستان کی معیشت کو زیادہ لچکدار بنانے سے متعلق ہے

بقیہ 47

برقرار رکھنے، مؤثر ٹریفک مینجمنٹ، شہریوں کو بہتر اور محفوظ سفری سہولیات کی فراہمی اور ٹریفک قوانین پر بلا امتیاز عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لیے کیے گئے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر سی ٹی او اسلام آباد نے افسران کو ہدایت کی کہ وہ اپنے فرائض پیشہ ورانہ مہارت، ذمہ داری اور بھرپور محنت کے ساتھ انجام دیں اور ٹریفک کی روانی میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے مؤثر اقدامات یقینی بنائیں۔

بقیہ 48

جنہیں فوری طور پر ڈی ایچ کیو ہسپتال میانوالی لے جایا گیا تھا، ایگری ٹیک کھاد فیکٹری جو اب ایف ایف سی کہلاتی ہے، اس فیکٹری کے ٹینک سے 25 ستمبر جمعہ کے روز تقریباً صبح آٹھ بجے سے نو بجے کے درمیان امونیا گیس کا اخراج اتنی شدت سے ہوا، تقریباً سات، آٹھ کلومیٹر تک کے گردونواح کے علاقے پکی شاہ مردان، گلن خیل، اسکندر آباد، خیر آباد، اور داد خیل وغیرہ تک امونیا گیس کی بدبو اتنی شدت سے فضا میں پھیلی تھی کہ لوگوں کو سانس لینے، آنکھوں کی جلن اور گلے کی خراش کا سامنا کرنا پڑا تھا

بقیہ 49

ہے۔ عدالتی ریکارڈ کے مطابق ڈیانا نے عدالت کے روبرو اپنا بیان دفعہ 164 کے تحت ریکارڈ کرانے کی خواہش ظاہر کی۔ عدالت نے اسے آگاہ کیا کہ ریکارڈ کرایا جانے والا بیان بعد ازاں اس کے خلاف بطور ثبوت بھی استعمال ہوسکتا ہے تاہم آگاہ کیے جانے کے باوجود ڈیانا نے بیان ریکارڈ کرانے پر اصرار کیا۔ عدالت نے اطمینان کیا کہ ڈیانا کسی دباؤ، دھمکی یا ترغیب کے بغیر رضا کارانہ طور پر بیان ریکارڈ کرا رہی ہے جس کے بعد اس کا بیان دفعہ 164 کے تحت قلمبند کیا گیا۔ ڈیانا نے اپنے بیان میں کہا کہ وہ 13 ستمبر کو استنبول سے اسلام آباد پہنچی، پانچ روز فیصل آباد میں قیام کے بعد لاہور آ گئی، اس کا منصوبہ اسکردو جانے کا تھا تاہم وہ اکیلی تھی اس لیے اس نے نمرہ اور مسکان کو پیغام بھیجا کہ لاہور میں ملاقات کرتے ہیں۔

بقیہ 50

کیس جسٹس محمد امجد پرویز کی عدالت میں سماعت کیلئے مقرر تھا۔

بقیہ 51

ہادی علی کی جانب سے ریاست علی آزاد سمیت دیگر وکلا عدالت میں پیش ہوئے۔ سماعت کے دوران عدالت کو بتایا گیا کہ ایمان مزاری اور ہادی علی کے وکالت ناموں پر دستخط ہوگئے ہیں۔ جج طاہر عباس سپرا نے سپرنٹنڈنٹ کو وکالت ناموں کے حوالے سے رولز بنانے کی ہدایت کی۔ جج طاہر عباس سپرا نے ریمارکس دیے کہ وکلا کے ساتھ یہ ہو رہا ہے تو عام سائل کے وکالت ناموں کا کیا ہوتا ہوگا۔ ایڈووکیٹ زینب نے کہا کہ ہائیکورٹ نے اس حوالے سے باقاعدہ ایس او پیز بنائے ہیں۔ ایڈووکیٹ زینب نے کہا کہ جیل حکام پراسس کو سزا نہ بنائیں۔ جج طاہر عباس سپرا نے کہا کہ پہلے لوگ کبھی بخشی خانہ اور کبھی گاڑی میں وکالت نامے دستخط کرواتے تھے۔ جج طاہر عباس سپرا نے ریمارکس دیے کہ انصاف کا پہلا راستہ وکالت نامہ دستخط ہونے سے شروع ہوتا ہے۔

بقیہ 52

ہے، مدعی خاتون اسی کمپنی میں کام کرتی تھی اور خاتون کو ملزم سے کمپنی سے نکالے جانے کی رنجش تھی۔ وکیل نے موقف اپنایا کہ خاتون نے ملزم کے خلاف جھوٹا مقدمہ درج کروایا، خاتون کے میڈیکل رپورٹ سے بھی زیادتی ثابت نہیں ہوئی، درخواست گزار ملزم 22 جون سے بے گناہ قید میں ہے۔ ملزم کے وکیل نے استدعا کی کہ عدالت درخواست گزار کی ضمانت بعد از گرفتاری منظور کر کے رہا کرنے کا حکم دے۔

بقیہ 53

حلقوں نے ڈپٹی کمشنر چکوال، اسسٹنٹ کمشنر چوآ سیدن شاہ، چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ چکوال، ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال چکوال، ایم ایس تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال چوآ سیدن شاہ سمیت متعلقہ حکام و افسرانِ بالا سے مطالبہ کیا ہے کہ ضلع چکوال کی تمام تحصیلوں میں ڈینگی کے مریضوں سے متعلق مستند اور تازہ ترین اعداد و شمار عوام کے سامنے لائے جائیں، جبکہ ڈینگی سرویلنس کو مؤثر بناتے ہوئے گھروں، محلوں، زیرِ تعمیر عمارات، کباڑ خانوں، ٹائر اسٹورز، پانی جمع ہونے والی جگہوں اور دیگر ممکنہ افزائش گاہوں کے باقاعدہ معائنے کے لیے فیلڈ ٹیموں کو روزانہ کی بنیاد پر فعال کیا جائے۔ عوامی آگاہی مہم، لاروا سرویلنس، ممکنہ ہاٹ اسپاٹس کی نشاندہی، صفائی ستھرائی اور ضرورت کے مطابق اسپرے سمیت تمام ضروری اقدامات بروقت یقینی بنائے جائیں تاکہ ڈینگی کے ممکنہ پھیلاؤ پر قابو پایا جا سکے۔ عوامی وسماجی حلقوں نے حکمرانِ بالا اور متعلقہ افسران سے اپیل کی ہے کہ شکایات کو محض کاغذی کارروائی تک محدود رکھنے کے بجائے زمینی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے فیلڈ وزٹ اور مؤثر مانیٹرنگ کا نظام یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 54

افتتاحی تقریب میں چیف جسٹس سرفراز ڈوگر کے ہمراہ جسٹس اعظم خان اور جسٹس راجہ انعام امین بھی شریک ہوئے۔ تقریب میں اسلام آباد ہائیکورٹ کے رجسٹرار، ایڈیشنل رجسٹرار اور ڈپٹی رجسٹرار سمیت ایڈیشنل رجسٹرار نور محمد مرزا اور سیکرٹری ٹو چیف جسٹس محمد مقصود نے بھی شرکت کی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے عدالتی اور انتظامی افسران بھی تقریب میں شریک ہوئے۔

بقیہ 55

جی لیگل اویس احمد ملک سمیت دیگر پولیس افسران عدالت میں پیش ہوئے۔ سماعت کے دوران اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل وقاص عمر نے آئی جی پنجاب پولیس کی جانب سے رپورٹ عدالت میں پیش کی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ عدالت کی ہدایت پر ایف آئی آرز کا فونٹ سائز بڑھا دیا گیا ہے۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم نے استفسار کیا کہ کیا پورے پنجاب میں اس فیصلے پر عملدرآمد ہوچکا ہے؟ اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل نے عدالت کو بتایا کہ پنجاب بھر میں ایف آئی آرز کا فونٹ سائز بڑھانے کے فیصلے پر عملدرآمد ہوچکا ہے۔

بقیہ 56

مزاری اور ہادی علی چٹھہ کے وکلا کو فراہم کر دی گئیں۔ عدالت کے مطابق آئندہ سماعت پر ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ پر فرد جرم عائد کی جائے گی، جس کے لیے عدالت نے 16 اکتوبر کی تاریخ مقرر کرتے ہوئے سماعت ملتوی تک کر دی ہے۔ یاد رہے کہ ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کیخلاف تھانہ سیکرٹریٹ میں مقدمہ درج ہے۔

بقیہ 57

اداروں کے مابین مشترکہ اقدامات کی نگرانی اور ان پر عمل درآمد کو یقینی بنائے گی۔ تقریب میں دونوں اداروں کی قیادت اور نمائندوں کے ساتھ ساتھ اعلیٰ سفارتی حکام نے بھی شرکت کی اور پاکستان اور گھانا کے درمیان تعلیمی و ادارہ جاتی تعلقات کو مضبوط بنانے کے لیے اپنے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا۔ اس موقع پر رفاہ کے چانسلر جناب حسن محمد خان نے پاکستان، گھانا اور وسیع تر خطے کے نوجوانوں کے لیے اس شراکت داری کی اہمیت کو اجاگر کیا اور کہا کہ اس اقدام کا مقصد گھانا کو پورے افریقہ میں تعلیم، تجارت، انٹرپرینیورشپ (کاروباری مہارت) اور استعداد کار بڑھانے کے ایک مرکز کے طور پر مستحکم کرنا ہے۔ رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی کے ڈپٹی وائس چانسلر (اکیڈمکس) پروفیسر ڈاکٹر یاور حیات خان نے شرکاء کو تعلیمی تعاون کے روڈ میپ (جس میں طلبہ اور فیکلٹی کا تبادلہ شامل ہے) کے بارے میں بریفنگ دی اور شراکت داری پر عمل درآمد کے اگلے مراحل کی وضاحت کی۔ تقریب کا اختتام مشترکہ اسٹیئرنگ کمیٹی کے ارکان کی حلف برداری اور شکریہ کے کلمات پر ہوا۔

میونسپل کارپوریشن سرگودھا

پبلک نوٹس

ہر خاص عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ میونسپل کارپوریشن سرگودھا شہید سپاہی عامر سلطان کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے چوک نزد سلیمان پورہ خوشاب روڈ سرگودھا کو ان کے نام سے منسوب کرنا چاہتی ہے۔ اگر اس ضمن میں کسی کو کوئی اعتراض ہو تو زیر دستخطی کو اشتہار اخبار کی اشاعت کے عرصہ 7 یوم کے اندر اندر مطلع کریں۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن سرگودھا

میونسپل کارپوریشن سرگودھا

پبلک نوٹس

ہر خاص عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ میونسپل کارپوریشن سرگودھا میجر عامر عزیز شہید کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے چوک نزد نادرا آفس خوشاب روڈ سرگودھا کو ان کے نام سے منسوب کرنا چاہتی ہے۔ اگر اس ضمن میں کسی کو کوئی اعتراض ہو تو زیر دستخطی کو اشتہار اخبار کی اشاعت کے عرصہ 7 یوم کے اندر اندر مطلع کریں۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن سرگودھا

ترقیاتی سکیموں کی بروقت اور معیاری تکمیل یقینی بنائی جائے، ڈپٹی کمشنر

راولپنڈی میں 6ارب 52 کروڑ سے زائد کے ترقیاتی منصوبے شامل ہیں، معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا

ضلع بھر میں ترقیاتی سکیموں کی تعداد 21 ہے جن میں سے 18 کی منظوری دی جا چکی ہے، اجلاس میں بریفنگ

سڑکوں، واٹر سپلائی اور سیوریج کے کاموں کی خود فیلڈ مانیٹرنگ کی جائے گی، سست روی پر ٹھیکیداروں کے خلاف کارروائی کی ہدایت

راولپنڈی (این ای این) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر صدارت پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت جاری ترقیاتی سکیموں کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز فضائل مدثر، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ، ایم ڈی واسا اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت جاری سکیموں، بالخصوص واٹر سپلائی، سیوریج اور ترقیاتی سکیموں پر پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ایم ڈی واسا نے واٹر سپلائی (بقیہ نمبر 30)

آئینِ پاکستان کو نہ ماننے والوں سے کوئی بات نہیں ہوگی، فیصل کریم

ہمیں پاکستان اور خیبر پختونخوا میں امن لانا ہے، یہ ابھی اسلام آباد جانے سے چھپ رہے ہیں

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ جو پاکستان کے آئین کو نہیں مانے گا، اس سے کوئی بات نہیں ہوگی، ہمیں پاکستان اور خیبر پختونخوا میں امن لانا ہے۔ میڈیا سے گفتگو میں فیصل کریم کنڈی نے تحریک انصاف کو لانگ مارچ کرنے کا چیلنج دیتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی لانگ مارچ نہیں کر سکتی، یہ ابھی اسلام آباد جانے سے (بقیہ نمبر 31)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر ریلویز حنیف عباسی جناح پیپلز میٹرو ٹرین سروس کے افتتاح کے موقع پر پہلا آزمائشی سفر کر رہے ہیں

عدالت لے جانے کی دھمکیوں سے ڈرنے والا نہیں' کیپٹن (ر) صفدر

مجھے پتہ ہے احسن بھون درخواست کا ایک پیرا ڈرافٹ نہیں کر سکتے' ویڈیو بیان

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما کیپٹن (ر) محمد صفدر نے کہا ہے کہ مجھے بیشک عدالت میں لے جانے کی دھمکیاں دیں، مجھے پتہ ہے احسن بھون درخواست کا ایک پیرا ڈرافٹ نہیں کر سکتے۔ ایک ویڈیو بیان میں کیپٹن (ر) صفدر نے (بقیہ نمبر 33)

پنجاب بھر میں موسم تبدیل، راتیں ٹھنڈی ہونے لگیں

دوسری جانب لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں چوتھے نمبر پر آ گیا

لاہور (اے ایف بی) محکمہ موسمیات کے مطابق لاہور میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران موسم خشک اور گرم رہے گا جبکہ بارش کے کم امکانات ہیں۔ لاہور سمیت پنجاب بھر میں خشک موسم کا سلسلہ شروع ہوگیا جبکہ موسم میں تبدیلی کے اثرات کے سبب دن کی نسبت راتیں ٹھنڈی ہونے لگیں۔ محکمہ موسمیات کے مطابق لاہور میں کم سے کم درجہ حرارت (بقیہ نمبر 34)

منشیات سپلائر علی کو 9 سال قید، 80 ہزار جرمانے کی سزا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ کے باعث منشیات سپلائر علی کو 9 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنادی گئی۔ تفصیلات کے مطابق معزز عدالت نے منشیات سپلائر کو سزا سنادی، مجرم علی کو 9 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، مجرم سے 2 کلو 400 گرام چرس برآمد ہونے پر تھانہ چکلالہ پولیس (بقیہ نمبر 32)

رتہ امرال پولیس کی کارروائی، اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) رتہ امرال پولیس نے اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب ملزم گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب ملزم کو گرفتار کرلیا، ملزم نے تین روز قبل سابقہ رنجش پر ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کرکے شہری کو زخمی کیا تھا، رتہ امرال پولیس نے مقدمہ درج کرکے ہیومن انٹیلی جنس سمیت تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کرلیا۔

صادق آباد پولیس کی کارروائی، شہری پر تشدد کرکے زخمی کرنیوالا ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) صادق آباد پولیس نے ذاتی رنجش پر شہری پر تشدد کرکے زخمی کرنے والا ملزم گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ذاتی رنجش پر شہری پر تشدد کرکے زخمی کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا، صادق آباد پولیس نے مقدمہ درج کرکے تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے ملزم کو گرفتار کرلیا، ملزم کے دیگر ساتھی کی گرفتاری کے لیے ریڈ کیے جا رہے ہیں۔

بھمبر۔ وزیراعظم آزاد جموں وکشمیر افتخار گیلانی ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال بھمبر کو چنار فری ڈائیلاسز سینٹر کے بانی غلام احمد چوہدری مرحوم کے نام سے منسوب کرنے کی یادگاری تختی کی نقاب کشائی کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر کا ہولی فیملی ہسپتال کا دورہ — وین حادثے کے زخمی بچوں کی عیادت

ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے ہسپتال میں طبی سہولیات، صفائی اور ادویات کی فراہمی کا تفصیلی جائزہ لیا

زخمی بچوں کو تمام ممکنہ طبی سہولیات فوری فراہم کرنے کی ہدایت، مریضوں کی شکایات کا فوری ازالہ یقینی بنایا جائے

راولپنڈی (این ای این) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے ہولی فیملی ہسپتال کا دورہ کیا اور ہسپتال کے مختلف شعبوں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے مریضوں اور ان کے لواحقین سے ملاقات کرکے علاج معالجے، ادویات کی فراہمی اور ہسپتال میں دستیاب سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ ڈپٹی کمشنر نے مختلف وارڈز، ایمرجنسی سمیت دیگر شعبوں (بقیہ نمبر 35)

ایک کروڑ 18 لاکھ روپے کے جعلی چیک کیس کے ملزم کی ضمانت خارج

احاطہ عدالت سے فرار کی کوشش، پولیس اور سکیورٹی اہلکاروں نے ملزم کو پکڑ لیا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے ایک کروڑ 18 لاکھ روپے کے مبینہ جعلی چیک کے مقدمے میں نامزد ملزم عامر کی ضمانت کی درخواست خارج کر دی، ضمانت خارج ہوتے ہی ملزم نے احاطہ عدالت سے فرار ہونے کی کوشش کی تاہم پولیس اور سکیورٹی اہلکاروں نے اسے پکڑ لیا۔ تفصیلات کے مطابق جعلی چیک کیس میں ملزم عامر کی ضمانت کی درخواست پر لاہور ہائیکورٹ میں سماعت ہوئی۔ جسٹس خالد ابن عزیز نے ملزم کی (بقیہ نمبر 36)

سہیل آفریدی کا مزید وزیراعلیٰ رہنا صوبے کیلئے نقصان دہ ہے

گورنر کے پی کے فیصل کنڈی اور امیر مقام کی ملاقات کی اندرونی کہانی

پشاور (این این آئی) گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی اور وفاقی وزیر امیر مقام کی ملاقات کی اندرونی کہانی سامنے آگئی جس کے مطابق دونوں رہنماؤں نے اتفاق کیا ہے کہ سہیل آفریدی کا مزید وزیراعلیٰ رہنا صوبے کیلئے نقصان دہ ہے۔ ذرائع کے مطابق اس ملاقات میں صوبے میں امن وامان کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا گیا اور دونوں رہنماں میں اتفاق ہوا کہ سہیل آفریدی کا مزید وزیراعلیٰ رہنا صوبے کیلئے نقصان دہ ہے۔ (بقیہ نمبر 37)

پاکستان کی کم عمر ترین آرچر عسوہ مرجان نے قومی پرچم بلند کردیا

لاہور (این این آئی) پاکستان کی کم عمر ترین آرچر عسوہ مرجان نے ماسکو میں قومی پرچم بلند کردیا۔ تفصیلات کے مطابق 14 سالہ عسوہ مرجان نے انٹرنیشنل گریٹر ایشین ہارس بیک آرچری چیمپئن شپ میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔ ان کا مقابلہ انڈونیشیا اور قازقستان کی ٹاپ آرچرز کے ساتھ تھا۔ عالمی مقابلے میں ملکی پرچم بلند کرنے پر بھکر سے تعلق (بقیہ نمبر 38)

4 ملزمان گرفتار، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 4 ملزمان گرفتار کرکے شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 4 ملزمان کو گرفتار کرکے 5 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا، ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ آراے بازار، وارث خان، صادق آباد اور ٹیکسلا کے علاقوں میں کی گئیں۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

چھوٹے کاروبار کیلئے قرضوں کی حد 50 لاکھ کرنے کی تجویز

مجوزہ ترامیم شراکت داروں کی مشاورت کے لیے جاری کردی گئی ہیں، ایس ای سی پی

کراچی (این این آئی) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے مائیکرو انٹرپرائزز اور ہاسنگ قرضوں کی حد 50 لاکھ روپے کرنے کی تجویز دیدی۔ ایس ای سی پی کے مطابق مجوزہ ترامیم شراکت داروں کی مشاورت کے لیے جاری کردی گئی ہیں، جن میں مائیکروفنانس قرض کے لیے سالانہ آمدن کی حد 12 لاکھ سے بڑھا (بقیہ نمبر 39)

وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی کی ہدایات اور چیئرمین سی ڈی اے کی مؤثر نگرانی میں اسلام آباد میں شجرکاری مہم تیزی سے جاری

اسلام آباد کو سرسبز و شاداب بنانے کیلئے شجرکاری مہم میں تیزی

اہم شاہراہوں، گرین بیلٹس اور پارکس میں شجرکاری و لینڈ اسکیپنگ؛ نئے پودوں کی بقا اور مناسب دیکھ بھال پر خصوصی توجہ

وفاقی دارالحکومت کو ماحولیاتی طور پر پائیدار، صاف ستھرا اور سیاح دوست شہر بنانے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (این ای این) وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی کی ہدایات اور چیئرمین سی ڈی اے کی مؤثر اور فعال نگرانی میں کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) نے اسلام آباد بھر میں وسیع پیمانے پر شجرکاری مہم کو مزید تیزی سے جاری ہے۔ اس جامع مہم کا مقصد وفاقی دارالحکومت کی خوبصورتی، سرسبزی و شادابی، ماحولیاتی پائیداری اور سیاحت کو مزید فروغ دینے اور اسلام آباد کی شہریوں، ملکی و غیر ملکی (بقیہ نمبر 40)

جعلی بینک اکاؤنٹ کیس، نیب کی درخواست پر فریقین کو نوٹس جاری

اسلام آباد (این این آئی) جعلی بینک اکاؤنٹ کیس میں نیب نے احتساب عدالت کے 8 اکتوبر 2025 کے حکم کو اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیلنج کردیا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے نیب کی درخواست میں اٹھائے گئے نکات کو قابلِ غور قرار دیتے ہوئے فریقین کو نوٹس جاری کرکے جواب طلب کرلیا۔ چیف جسٹس سرفراز ڈوگر اور جسٹس ایاز شوکت پر مشتمل ڈویژن بینچ نے سماعت کا حکمنامہ جاری کیا۔ نیب کے مطابق احتساب عدالت اسلام آباد (بقیہ نمبر 41)

اسلام آباد۔ وزیراعظم آزاد کشمیر افتخار گیلانی کو وزیراعظم پاکستان کے مشیر برائے امور کشمیر وگلگت بلتستان شبیر احمد عثمانی منصب سنبھالنے پر مبارکباد پیش کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے وفاقی وزیر ریلویز حنیف عباسی ملاقات کر رہے ہیں

ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورایہ کی کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری

راولپنڈی (این این آئی) ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورائیہ نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورائیہ کا پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد، ایس پی سکیورٹی نے شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، (بقیہ نمبر 42)

زیر تفتیش مقدمات کو حقائق کی روشنی میں یکسو کیا جائے

ایس ایس پی انوسٹیگیشن کی تھانہ مندرہ میں میٹنگ، افسران کی کارکردگی کا جائزہ لیا

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی انوسٹیگیشن سیف اللہ نے تھانہ مندرہ میں میٹنگ کے دوران افسران کی کارکردگی کا فرداً فرداً جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی انوسٹیگیشن سیف اللہ کا تھانہ مندرہ میں میٹنگ کا انعقاد، میٹنگ میں اے ایس پی گوجرخان، ایس ایچ اوز، تفتیشی افسران اور محرر سٹاف نے شرکت کی، ایس ایس پی انوسٹیگیشن نے افسران کی کارکردگی کا فرداً فرداً جائزہ لیا اور ہدایات دیں۔ ایس ایس پی (بقیہ نمبر 43)

لاہور سیکرٹری اچیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ، حضرت موج دریا بخاری کے 464ویں سالانہ عرس کے موقع پر دعا کر رہے ہیں

آئی جی اسلام آباد کی زیر صدارت سینئر پولیس افسران کا اہم اجلاس

مجموعی سکیورٹی صورتحال، آپریشنل امور اور محکمانہ کارکردگی کا جائزہ

سینئر پولیس افسران کو پیشہ ورانہ ذمہ داریاں مؤثر انداز میں انجام دینے

سکیورٹی و پولیسنگ کے مجموعی معیار کو مضبوط بنانے کے احکامات جاری

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کی زیر صدارت سینئر پولیس افسران کا اہم اجلاس کا انعقاد کیا گیا جس میں آئی جی نے مجموعی سکیورٹی صورتحال، آپریشنل امور اور محکمانہ کارکردگی کا جائزہ لیا، سینئر پولیس افسران کو پیشہ ورانہ ذمہ داریاں مؤثر انداز میں انجام دینے، باہمی رابطوں کو مزید بہتر بنانے اور سکیورٹی و پولیسنگ کے مجموعی معیار کو مضبوط بنانے کے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کی زیر صدارت (بقیہ نمبر 44)

ڈی آئی جی اسلام آباد کی زیر صدارت پولیس کارکردگی کا جائزہ اجلاس

ناقص کارکردگی پر بعض ایس ایچ اوز اور انوسٹی گیشن افسران کو شوکاز نوٹس جاری

اسلام آباد (این این آئی) ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم کی زیر صدارت انسدادِ جرائم اور پولیس کارکردگی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں ناقص کارکردگی پر بعض ایس ایچ اوز اور انوسٹی گیشن افسران کو شوکاز نوٹس جاری کرتے ہوئے کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے 15 روز کی مہلت دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد علی وسیم کی زیرِ صدارت انسدادِ جرائم اور پولیس کارکردگی کے حوالے سے اہم اجلاس (بقیہ نمبر 45)

ڈی آئی جی سکیورٹی رانا عمر فاروق کا چیف ٹریفک آفیسر کائنات اظہر خان کے ہمراہ ٹریفک پولیس ہیڈکوارٹرز کا دورہ کر رہے ہیں

وزیر خزانہ کی بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کے مشن سے ابتدائی ملاقات

پالیسی اقدامات اور آئندہ جائزوں سے متعلق امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کے مشن سے منگل کو ابتدائی ملاقات کی۔ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کا مشن پاکستان کیلئے توسیعی فنڈ سہولت (ای ایف ایف) کے چوتھے اور ریزیلیئنس اینڈ سسٹین ایبلٹی سہولت (آر ایس ایف) کے تیسرے جائزے کیلئے پاکستان کے دورے پر ہے، آئی (بقیہ نمبر 46)

یونیورسٹی آف لاہور کے چیئرمین بورڈ آف گورنرز اویس روف بین الاقوامی ورکشاپ میں محترمہ مارا شارلٹ پر کھارڈ کو دماغی صحت اور تندرستی کے لیے انکی گراں قدر شراکت کے اعتراف میں یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

سی ٹی او اسلام آباد کائنات اظہر کی زیر صدارت اہم اجلاس

مؤثر ٹریفک مینجمنٹ اور شہریوں کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کیلئے اہم احکامات جاری

اسلام آباد (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کائنات اظہر خان کی زیر صدارت اہم اجلاس کا انعقاد کیا گیا جس میں سی ٹی او نے ٹریفک پولیس افسران کو ٹریفک کی روانی، مؤثر ٹریفک مینجمنٹ اور شہریوں کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے اہم احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کائنات اظہر خان کی زیرِ صدارت اسلام آباد ٹریفک پولیس کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایس پی ٹریفک اور تمام زونل ڈی ایس پیز نے شرکت کی۔ اجلاس میں وفاقی دارالحکومت میں ٹریفک کی روانی (بقیہ نمبر 47)

کھاد فیکٹری داؤدخیل سے زہریلی امونیا گیس کا اخراج

شہری متاثر، گیس کے اخراج سے لوگوں کو سانس لینے، آنکھوں اور گلے میں خراش کا سامنا

میانوالی (این این آئی) کھاد فیکٹری داؤدخیل (میانوالی) سے زہریلی امونیا گیس کا اخراج، تفصیلات کے مطابق ایگری ٹیک کھاد فیکٹری پلانٹ داؤدخیل (میانوالی) سے اچانک زہریلی امونیا گیس کے اخراج سے قریبی گردونواح کے علاقوں کے شہری متاثر، گیس کے اخراج سے لوگوں کو سانس لینے، آنکھوں اور گلے میں خراش کا سامنا، اس قبل بھی پلانٹ سے امونیا گیس کے اخراج سے فیکٹری میں کام کرنے والے مزدور شدید متاثر ہوئے تھے، (بقیہ نمبر 48)

غیر ملکی خاتون سے زیادتی کیس، ڈیانا کا دفعہ 164 کا بیان سامنے آگیا

13 ستمبر کو استنبول سے اسلام آباد پہنچی، پانچ روز فیصل آباد میں قیام کے بعد لاہور آ گئی، مسکان کے ساتھ بحریہ ٹاؤن چلی گئی

رات 2 بجے احمد، محسن نامی افراد کیساتھ اپارٹمنٹ گئی، مزید دو افراد آئے، ایک کا نام علی زین، دوسرے کا نام معلوم نہیں، نمرہ اور مسکان وہاں سے چلی گئیں

لاہور (این این آئی) مبینہ زیادتی کا شکار غیر ملکی خاتون ڈیانا کا دفعہ 164 کے تحت عدالت میں ریکارڈ کرایا گیا بیان سامنے آ گیا۔ عدالتی ریکارڈ کے مطابق تفتیشی افسر نے غیر ملکی خاتون ڈیانا کو عدالت کے روبرو پیش کیا جہاں عدالت نے اس سے نام اور بیان ریکارڈ کرانے کی وجوہات سے متعلق سوالات کیے۔ عدالت نے ڈیانا سے استفسار کیا کہ آپ کا نام کیا ہے؟ ڈیانا نے جواب دیا کہ میرا نام ڈیانا ہے، عدالت نے مزید پوچھا کہ کیا اسے معلوم ہے کہ وہ عدالت کے سامنے کیوں پیش ہوئی ہے۔ جس پر ڈیانا نے جواب دیا کہ جی ہاں، اسے معلوم (بقیہ نمبر 49)

اسلام آباد: صدر آزاد جموں وکشمیر ڈاکٹر نجیب نقی خان سے امیر جماعت اسلامی آزاد کشمیر ڈاکٹر مشتاق احمد خان ملاقات کر رہے ہیں

پسند کی شادی کا کیس، عدالت کے باہر فریقین کے درمیان جھگڑا

لاہور (این این آئی) پسند کی شادی کے کیس کی سماعت سے قبل لاہور ہائیکورٹ کے احاطہ میں فریقین کے درمیان تلخ کلامی کے بعد جھگڑا ہوگیا۔ لڑکی کے اہلخانہ نے اسے زبردستی اپنے ساتھ لے جانے کی کوشش کی جبکہ لڑکی کو مبینہ طور پر شدید زدوکوب اور مار پیٹ کا نشانہ بھی بنایا گیا۔ سکیورٹی اہلکاروں کی موجودگی کے باوجود احاطہ عدالت میں شدید ہنگامہ آرائی ہوئی۔ سکیورٹی اہلکاروں نے موقع پر پہنچ کر صورتحال پر قابو پانے کی کوشش کی۔ (بقیہ نمبر 50)

ایمان مزاری کیس؛ جیل حکام کیخلاف توہین عدالت کی کارروائی ختم

انصاف کا پہلا راستہ وکالت نامہ دستخط ہونے سے شروع ہوتا ہے، جج کے ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت نے ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کے وکالت ناموں پر دستخط نہ ہونے سے متعلق درخواست داخل دفتر کرتے ہوئے جیل حکام کے خلاف توہین عدالت کی کارروائی ختم کردی۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج طاہر عباس سپرا نے درخواست پر سماعت کی، جس میں ایمان مزاری اور (بقیہ نمبر 51)

لاہور ہائیکورٹ سے زیادتی کے ملزم کی درخواستِ ضمانت منظور

خاتون کو ملزم سے کمپنی سے نکالے جانے کی رنجش تھی اس لیے جھوٹا مقدمہ درج کروایا، وکیل ملزم

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے زیادتی کے مقدمے میں ملزم کی ضمانت کی درخواست منظور کرلی۔ جسٹس عبہر گل خان نے زیادتی کے مقدمے میں ملزم فیصل شبیر کی درخواستِ ضمانت پر سماعت کی۔ ملزم کی جانب سے ایڈووکیٹ ملک احد اعوان نے دلائل دیئے۔ عدالت نے ملزم کی ایک لاکھ روپے مچلکوں کے عوض درخواست ضمانت منظور کرلی۔ ملزم کے وکیل نے دلائل دیئے کہ درخواست گزار فیصل آباد میں شپنگ کمپنی آفس میں بطور مینیجر کام کرتا (بقیہ نمبر 52)

پاکستان آرمی میڈیکل ٹیم کی دماغ کی کامیاب سرجری، نوجوان کی جان بچالی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان آرمی کی میڈیکل ٹیم نے دماغ کی کامیاب سرجری سے نوجوان کی جان بچالی۔ پاک چائنا فرینڈ شپ ہسپتال گوادر میں پاک آرمی کی میڈیکل ٹیم نے دماغ کی کامیاب سرجری کی۔ پاک آرمی کی میڈیکل ٹیم نے محدود طبی وسائل اور آلات کے باوجود نوجوان کی کامیاب سرجری کی۔ واضح رہے کہ ٹریفک حادثے میں شدید زخمی گوادر کے 17 سالہ سلمان کو پاک چائنا فرینڈ شپ اسپتال منتقل کیا گیا تھا۔

چوآسیدن شاہ اور گردونواح میں ڈینگی کے ممکنہ پھیلاؤ پر شدید تشویش

شہریوں کا محکمہ صحت اور ضلعی انتظامیہ سے ہاٹ اسپاٹس کی نشاندہی، فیلڈ سرویلنس اور روزانہ کی بنیاد پر اسپرے کا مطالبہ

عوامی شکایات پر محکمہ صحت و ضلعی انتظامیہ سے سرویلنس، آگاہی اور روزانہ فیلڈ انسپکشن مؤثر بنانے کی اپیل

لاہور: شہری اردو بازار کے باہر سٹال سے خریداری میں مصروف ہیں

چوآ سیدن شاہ (خاور شہزاد) چوآ سیدن شاہ ڈلوال، ڈنڈوت، بشارت اور گردونواح میں ڈینگی کے ممکنہ بڑھتے ہوئے پھیلاؤ کے حوالے سے عوامی و سماجی حلقوں کی جانب سے میڈیا شکایت سیل سے رجوع کرتے ہوئے تشویش کا اظہار کیا گیا ہے۔ شکایت کنندگان کے مطابق مختلف علاقوں میں متعدد افراد ڈینگی بخار میں مبتلا ہونے کی اطلاعات سامنے آ رہی ہیں، جس کے باعث محکمہ صحت چکوال اور مقامی انتظامیہ سے فوری طور پر مؤثر حفاظتی و انسدادی اقدامات کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ عوامی (بقیہ نمبر 53)

اسلام آباد ہائیکورٹ کے نئے پروٹوکول آفس کا افتتاح

ایڈیشنل رجسٹرار نور محمد مرزا نئے پروٹوکول آفس کے انچارج ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ کے نئے پروٹوکول آفس کا افتتاح کردیا گیا۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ سرفراز ڈوگر نے پروٹوکول آفس کا افتتاح کیا۔ ایڈیشنل رجسٹرار نور محمد مرزا نئے پروٹوکول آفس کے انچارج ہوں گے۔ (بقیہ نمبر 54)

صدر آصف علی زرداری سے محسن نقوی کی ملاقات

کراچی (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیر داخلہ محسن نقوی نے اہم ملاقات کی۔ ذرائع کے مطابق صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیر داخلہ محسن نقوی کی اہم ملاقات بلاول ہاؤس کراچی میں ہوئی۔ ذرائع نے بتایا کہ صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر داخلہ محسن نقوی کے درمیان ہونے والی ملاقات میں ملکی مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

شہریوں کو بڑے فونٹ میں ایف آئی آر کی کاپی فراہم کرنے کا فیصلہ

صوبے بھر میں عملدرآمد شروع، پولیس کی جانب سے لاہور ہائیکورٹ کو آگاہ کیا گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر میں شہریوں کو اب ایف آئی آرز کی کاپی بڑے اور واضح فونٹ میں فراہم کی جائے گی، پولیس نے عدالت کو آگاہ کیا ہے کہ ایف آئی آرز کا فونٹ سائز بڑھا کر 14 کردیا گیا ہے اور اس پر صوبے بھر میں عملدرآمد بھی شروع کر دیا گیا ہے۔ لاہور ہائیکورٹ میں ایف آئی آرز کا فونٹ بڑا کرنے سے متعلق درخواست کی سماعت ہوئی۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم نے میاں جمیل احمد کی درخواست پر سماعت کی جبکہ ڈی آئی (بقیہ نمبر 55)

پولیس پر تشدد کا کیس؛ ایمان مزاری اور شوہر پر فرد جرم کی تاریخ مقرر

اسلام آباد (این این آئی) ایمان مزاری اور ان کے شوہر ہادی علی چٹھہ کے خلاف پولیس پر تشدد کے کیس میں فرد جرم عائد کرنے کی تاریخ مقرر کردی گئی۔ انسداد دہشت گردی عدالت میں ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کیخلاف پروٹوکول توڑنے اور پولیس پر تشدد کے کیس کی سماعت جج طاہر عباس سپرا نے کی، جس میں ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کو ویڈیو لنک کے ذریعے پیش کیا گیا۔ دوران سماعت وکیل ریاست علی آزاد اور زینب عدالت میں پیش ہوئے۔ اس موقع پر پروٹوکول توڑنے اور پولیس پر تشدد کے کیس میں چالان کی نقول ایمان (بقیہ نمبر 56)

صوبائی وزیر لیبر محمد منشاء اللہ بٹ، وفاقی وزیر نیشنل فوڈ سکیورٹی رانا تنویر حسین کے ہمراہ محنت کشوں میں ویلفیئر گرانٹس کے چیک تقسیم کر رہے ہیں

رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی اور WIUC-گھانا کے درمیان شراکت داری کا آغاز

دونوں اداروں کے مابین مشترکہ اقدامات کی نگرانی کے لیے اسٹیئرنگ کمیٹی کا افتتاح، تقریب میں اعلیٰ سفارتی حکام کی شرکت

افریقہ میں تعلیم، تجارت اور استعداد کار کے فروغ کا عزم؛ طلبہ اور فیکلٹی کے تبادلے کے روڈ میپ پر اتفاق

اسلام آباد (این ای این) رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی، اسلام آباد اور وسکونسن انٹرنیشنل یونیورسٹی کالج، گھانا (WIUC-Ghana) نے ایک ورچوئل تقریب کے دوران باضابطہ طور پر اپنے اشتراک کار کو عملی جامہ پہنایا۔ اس تقریب کے ذریعے اسلام آباد کے علاقے گلبرگ گرینز میں واقع رفاہ کے مرکزی سیکرٹریٹ کو اکرا (گھانا) میں موجود WIUC-Ghana کے کیمپس سے منسلک کیا گیا۔ اس موقع پر مشترکہ اسٹیئرنگ کمیٹی کا بھی افتتاح کیا گیا، جو دونوں (بقیہ نمبر 57)

سی سی ڈی ٹیم پر فائرنگ، جوابی کارروائی میں شوٹر گینگ کا سرغنہ مارا گیا

ہلاک ملزم کی شناخت شاہ سعود کے نام سے ہوئی جس کا تعلق اکوڑہ خٹک سے ہے، سی سی ڈی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں سی سی ڈی کی کارروائی میں شوٹر گینگ کا سرغنہ ہلاک ہوگیا۔ سی سی ڈی حکام کے مطابق اٹک خورد کے علاقے رومیاں لنک روڈ پر سی سی ڈی ٹیم پر فائرنگ کا واقعہ پیش آیا، سی سی ڈی ٹیم پر خطرناک اجرتی قاتل کی جانب سے فائرنگ کی گئی جس پر اہلکاروں نے بھی بھرپور جوابی فائرنگ کی جس کے نتیجے میں شوٹر گینگ کا سرغنہ مارا گیا۔ حکام نے بتایا کہ ہلاک ملزم کی شناخت شاہ سعود کے نام سے ہوئی جس کا تعلق اکوڑہ خٹک سے ہے، شاہ سعود پنجاب اور خیبر پختونخوا میں اجرتی قتل کے مقدمات میں مطلوب تھا۔ حکام کے مطابق ہلاک ملزم شاہ سعود دوہرے قتل کیس میں گرفتاری کے بعد پولیس حراست سے فرار ہوا تھا۔

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035